Vasu Shroff with his Family
AWARDS 2013
CEO

غمزدہ
والدین
توقیر الطاف ہسپتال شیر شاہ روڈ شاد باغ لاہور
0300-4241718 , 0322-8038802

Winner of Lifetime Achievement Award by Arabian Business

Mr. & Mrs. Vasu Shroff with Sons Raju & Vikram

Mr. Vasu Shroff started off as a young helping hand cum sales man at a dainty little store of Regal Traders close to Dubai Creek. The credentials of a jovial young man were proved with time as the textile store evolved in to textile chain under his direction.

His foresight and strategic planning helped the company to overcome all the challenges they faced in becoming a renowned brand. In order to bring quality merchandise to Dubai, he travelled extensively to Europe, Far East Asia and Africa. He set up agencies and grew the wholesale and the indenting division of the company starting a couple of retail outlets.

Subsequently, his sons **Raju and Vikram** Shroff joined him and together they grew the company into Regal Group Holdings, a conglomerate of Regal Traders, Regal Technologies, Regal International, Regal Group Investments and AYT International.

The year of 2012 – 2013 remains special for Regal as the group completes its 60th anniversary and the Mr. Vasu Shroff was felicitated with the **Lifetime Achievement Award** by **Arabian Business**. He is also listed as the 19th most powerful Indian in the GCC by the same publication.

Commercial success is not enough for this philanthropist as he takes active interest in developing the society. He is the first honorary teacher of the Indian High School and a trustee of the same. He played an instrumental role in setting up the Hindu temple in Mina Bazaar and the Gurudwara in **Jebel Ali**. Besides, he has worked extensively to bring about growth and development in his hometown Deolali, India.

حمد

سید علی رضا کاظمی

بھول نہ بندے تو فرمانِ خدا
مرغِ سحری دے رہا ہے یہ صدا
تجھ سے قائم ہے جہانِ رنگ و بو
مانتا ہے سب جہاں تجھ کو خدا
رحمتوں کے سائے میں رہتا ہوں میں
سب عنایت ہے تیری، تیری رضا
چل رہا ہے جو نظام آب و گل
درحقیقت بولتی تیری صناع
قائم ہے تیرے ہی دم سے کل جہاں
دیکھنا چاہتا ہے اس سے بڑھ کر کیا
رہ رہا ہے سکھ و چین سے جو نصیرؔ
ہے رحمت رب جہاں، رب کی رضا

حدیث قدسی

اللہ سبحانہ و تعالیٰ فرماتا ہے

جس نے نہ تو میرے فیصلے کو قبول کیا، نہ میری آزمائش پر صبر کیا، نہ میری نعمتوں کا شکر ادا کیا اور نہ ہی میری بخشش (یعنی عطا کردہ نعمت) پر قناعت کی تو اسے چاہیے کہ وہ میرے علاوہ کسی اور رب کی عبادت کرے۔

نعت

پروفیسر نصیر احمد نصیر

اوج پر اپنے نصیبے کا ستارہ ہوگا
جب بھی رکنے کا مدینے میں اشارہ ہوگا
خام خیالی ہے مسلمان کی اور کچھ بھی نہیں
"جو نبی ﷺ کا نہ ہوا کب وہ ہمارا ہوگا"
جان جو نامِ محمدؐ پہ نچھاور کر دے
بس وہی شخص مری آنکھ کا تارا ہوگا
رشکِ رضوان مقدر پہ کریں کیوں نہ میرے
جب مدینے کا نگاہوں میں نظارہ ہوگا
خود ہی امداد کو آ جائیں گے آقا میرے
صدقِ دل سے جو کبھی ان کو پکارا ہوگا
دیدنی کتنا رضا رونے کا منظر ہوگا
آنکھ رستے جب دل میں اتارا ہوگا

نمازِ شکر جو پڑھتا رہا ہے
اسی عابد کے سجدوں میں ضیا ہے
یہ اک بیمار نے قوت سے
جو وقت کو جھکا دیا
تیری ہمت پہ حیراں انبیاء
پہن کر بیڑیاں کیسے چلا

کتابِ درد کے ہر اک ورق پر
فقط سجاد ہی لکھا ہوا ہے
جو بھلی فکر کو جس نے مٹایا
حسینؑ ابنِ علیؑ کا لاڈلا ہے
رضاؔ اس ذکر کا اعجاز دیکھو
قلم مدحت کو لکھ کر جھومتا ہے

بیادِ حضرت میراں حسین زنجانی پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت

JULY 2015 | جلد نمبر 68 | شمارہ نمبر 04

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سید مصور علی شاہ زنجانی
شہزادہ سید محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سید محسن علی شاہ زنجانی

قیمت 70 روپے
سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبرشپ 9000 روپے
لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، برما، سری لنکا 6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

چیف ایڈیٹر — شہزادہ سید افتخار حسین شاہ زنجانی
گروپ ایڈیٹر — شہزادہ سید محمد علی زنجانی
ایڈیٹر — شہزادہ سید مصور علی زنجانی
سب ایڈیٹر — شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی
اعزازی ایڈیٹر — ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ

مجلس مشاورت
چوہدری محمد علی خان
ڈاکٹر محمد اجمل نیازی
انجم ناصر (بول)
محترمہ سید حسن جبیر قادری
کرنل (ر) سید اکبر علی شاہ
نعمت اللہ ایڈووکیٹ
علامہ صمصام الدین
محترمہ سید طاہر حسین زنجانی
میجر (ر) خادم اسماعیل چشتی
پروفیسر توفیق بٹ
محمد سلیم نقشبندی

مشیر قانونی: طالب علی غضنفر ایڈووکیٹ، محمد عامر چوہان ایڈووکیٹ
کمپیوٹر سیکشن: شہزاد شاکر
سرکولیشن منیجر: منظور علی
معاون: غلام مصطفی

دفتر: کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II لاہور
فون: 042-35752277, 35872277 فیکس: 042-35758283
موبائل: 0300-9483758

شاخ: کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200
فون: 021-32217544
E-Mail: aienaeqismat@gmail.com

سید افتخار حسین زنجانی ایڈیٹر / پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

شاہ زنجانی کے جنم جنم کے میزبان

خلافت راشدہ کے اختتام پر نواسہ رسولؐ امام حسن علیہ السلام کے لیے سب سے افضل تھا کہ وہ اپنے نانا رسول اللہؐ کی قبر کے متولی بن کر زائرین مدینہ قبر رسولؐ کی خدمت کرتے۔ مدینہ میں دسترخوان امام حسنؑ مجتبےٰ نواسہ رسولؐ نے اس خوبصورتی سے سجایا کہ مدینہ میں قبر رسولؐ کی زیارت کے لیے آنے والے مولا حسنؑ کے تین دن مہمان بنتے اور ان کے دسترخوان سے سیراب ہوتے مومنین آج بھی یہ دسترخوان مولا حسنؑ اپنے گھروں میں سجاتے ہیں۔ لاہور کا مشہور خاندان کاظمی برادرز (حیدر علی رضا کاظمی) نے اپنے گھر میں زنجانی فیملی کیلئے یہ دسترخوان سجایا۔ رب العالمین ان کی توفیقات میں اضافہ کرے۔ جناب سیدہؑ کے لال آٹھویں امام علی رضا علیہ السلام (مشہد ایران)

نے بارہ سو سال قبل اپنے مہمانوں کے لیے دسترخوان سجایا جو آج بھی جاری ہے اور آج بھی ہر مہمان زائر اس بابرکت دسترخوان سے فیض پاتا ہے جن میں دو وقت ایرانی خوش ذائقہ کھانے ہوتے ہیں۔ میں گنہگار شاہ زنجانی بمعہ فیملی اس دسترخوان سے سیراب ہو چکا ہوں۔ مولا رضاؑ جن کا امام ضامن آج بھی سفر پہ جانے والوں کے لواحقین ان کے بازو پہ باندھتے ہیں اور انہیں مولا کی پناہ میں دیتے ہیں۔ تاکہ یہ مولا کی پناہ میں رہیں اور بخیر گھر واپس آئیں۔ انیس سال قبل میں ملک نیوز ایجنسی UAE کے بانی جناب ملک اسلم صاحب کی دعوت پر دبئی گیا وہاں گرو واسو شیرون صاحب سے ایسی ملاقات ہوئی کہ وہ میرے جنم جنم کے میزبان بن گئے ان کا ماننا ہے کہ ہم پچھلے جنم کے دوست ہیں۔ بہرحال یہ ان کی عقیدت خلوص و محبت ہے۔ ان کی جانب سے مجھے ہر سال دبئی کی میزبانی کی دعوت رہتی ہے۔ 19 سالوں میں تین مرتبہ انہیں میزبانی دینے کا موقع ملا۔ انہوں نے ہمیشہ میزبانی کا حق ادا کر دیا۔ جبکہ میرے بار بار دعوت دینے پر ان کا پاکستان مجھے میزبانی کا شرف بخشنے کا وعدہ اب تک وعدہ ہی رہا۔ مشہور بزنس مین شہزادہ عالم منوں اور سابق گورنر پنجاب سلمان تاثیر ان کے ذاتی دوست ہیں۔ مگر ان کی میزبانی بھی میری طرح تشنہ رہی۔ حالیہ سال جنوری میں فیملی کے ساتھ عمرہ کی سعادت کے بعد بمعہ فیملی ان کی میزبانی کا شرف ملا۔ آپ نے اس مرتبہ مزید بڑھ چڑھ کر میزبانی کا حق ادا کر دیا۔ امام حسنؑ کو امیر شام سے پانچ لاکھ دینار بطور وظیفہ ملا کرتا تھا۔ جو سبھی دسترخوان امام حسنؑ زائرین قبر رسولؐ مدینہ پہ خرچ ہو جاتا۔ ایک مرتبہ ایک صحابی رسولؐ نے مولاؑ سے عرض کی کہ آپ سبھی وظیفہ زائرین پہ فضول خرچ کر دیتے ہیں۔ یہ سن کر مولاؑ نے فرمایا اے صحابی رسولؐ جان لے کہ مہمان نوازی تو اسراف کرنا فضول خرچی میں شمار نہیں ہوتا۔ دنیا کا ہر مذہب خصوصاً اسلام مہمان نوازی کی اعلیٰ روایات کا امین ہے۔ مہمان نوازی اور انسانیت کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ روزمرہ اندرون بیرون ملک مجھے جتنے بھی غیر مسلم ملتے ہیں میں انہیں دعائیہ الفاظ میں تاکید کرتا ہوں کہ وہ اپنے اپنے مذہب کے اچھے پیروکار بنیں کوئی مذہب برائی نہیں سکھاتا جب اچھی باتیں بین المذاہب میں مشترک ہیں۔ میری دعا ہے کہ میرے جنم جنم کے میزبان واسو شیرون اپنی فیملی کے ساتھ ہمیشہ خوش و خرم رہیں۔ دوران قیام دبئی مختصری ملاقات گرامی شہزادہ سید محمد علی زنجانی سے تحریری جو شمارہ ہذا میں قارئین کی نذر ہے۔ قارئین آئینہ قسمت کے لیے دعاگو اور آپ سب سے بھی رمضان کریم میں التماس دعا کی اپیل ہے۔

دعاگو شاہ زنجانی

29/05/2015

عالمی سطح پر پاکستان کے خلاف غیر محفوظ ملک سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے وزارت خارجہ اور پاکستانی سفارت کار متحرک رہیں۔ توانائی بحران اور ملکی سلامتی کی صورت حال پر حکومتی خصوصی توجہ خارجہ پالیسیوں میں اہم تبدیلیاں مسئلے کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کی سفارتی کوششوں میں تیزی۔ پاک چین راہداری پر عملی پیش رفت، ملکی تعمیر و ترقی انفراسٹرکچر میں حائل تمام رکاوٹیں دور، دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے دوست ممالک کے تجربات، جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ ملکی اہم شاہراہوں کی خفیہ حفاظتی نگرانی کا دائرہ وسیع دیگر خفیہ ایجنسیوں کے باہم روابط بڑھیں۔

زائچہ فل مون	44 سرطان 13	بحساب ویدک

زائچہ نیو مون	57 سرطان 13	بحساب ویدک

بتاریخ 2 جولائی 2015ء بوقت 7 بجکر 18 منٹ، بمقام اسلام آباد

بتاریخ 16 جولائی 2015ء بوقت 6 بجکر 24 منٹ، بمقام اسلام آباد

زائچہ فل مون: آسمانی کونسل پر طالع سرطان منقلب برج طلوع طالع میں زہرہ مشتری قران سعدین بنا رہے ہیں۔ پہلا گھر عوام کی حالت، ملک کے حالات، حکومتِ وقت کے معاملات، عوام کی صحت عامہ کے امور میں حالیہ بلدیاتی نظام کے بتدریج رائج ہونے سے بہتری حالات کی نشاندہی کا اشارہ ہے۔ اس زائچہ کے اثرات 2 تا 16 جولائی رہیں 3 تا 5 جولائی قران سعدین آسمانی کونسل میں حکومت کی حکمرانی کا بہترین موقعہ یوں ثابت ہو سکتا ہے۔ اگر حکومت فوری طور سے اسلام آباد کے بعد پنجاب اور سندھ میں بلدیاتی الیکشن کروانے کا اعلان کر دے۔ اس سعد زائچہ میں گیارھویں پارلیمنٹ، چوتھے ارضِ وطن کا مشترکہ حاکم زہرہ مشتری قران سعدین پارلیمنٹ ملکی خارجہ پالیسیوں میں اہم تبدیلیاں مسئلہ کشمیر عالمی سطح پر اجاگر ہو۔ دوسرے ملکی معیشت کا حاکم شمس مریخ سے حالت قران بارھویں نحوست دے کر اراکین پارلیمنٹ وزراء کے لیے خطرات بڑھ رہا ہے۔ اہم شخصیات کے لیے دہشت گردی کا خطرہ نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ مریخ کی نشست بارھویں نہایت منحوس تصور کی جاتی ہے۔ مریخ نحوست زدہ گھر سے 4، 7، 8 اپنی مکمل نحس نظرات سے ناظر ہونے سے مریخ کی نحوست کے سبب ملک میں جرائم، قتل، ڈاکے، اغوا، ہنگامے، ہڑتالیں، فساد، تشدد، فرقہ وارانہ اور مذہبی فسادات کروانے اور اس کے متعلقہ اداروں کے بارے

(بقیہ صفحہ نمبر 8 پر)

بقیہ: عالمی و سیاسی حالات جولائی

میں عوام الناس کا رویہ تشویشناک ہو۔ عوامی فلاحی اداروں جیل خانہ جات، ہسپتالوں میں آتشزدگی کا بھی اندیشہ رہے۔ جیلوں میں ہنگامے، تشدد بھڑکنے، جیلوں سے فرار اور جیل سے بھاگنے، وارداتوں کا خدشہ، اپوزیشن اتحاد ایک بار پھر سرگرم اور حکومت کے لیے اکٹھا ہو۔ حکومت کے خلاف خفیہ محاذ آرائی فوجی قتل و حمل، سرحدوں پر جھڑپوں اور دشمن ممالک کے ساتھ جھگڑنے، جنگی خدشات بڑھ سکتے ہیں۔

زائچہ نیو مون: سیاسی مہم میں بارھویں کوکب کا اجتماع نیو مون کا طالع خصوصاً ہر دو زائچوں میں مریخ کا بارھویں قیام زائچہ میں یہ دسویں حکمرانوں سوزماہ پانچویں میڈیا شاک، شیئرز کا مشترکہ حاکم حکمرانوں کے لیے مشکلات کا اشارہ ہے۔ عطارد فطرتی طور سے میڈیا کا ستارہ اور شمس گھر بیٹھ کر ذرائع ابلاغ کے اداروں کو حکومت اپنے مخالفین کے لیے استعمال کرنے میں ناکام ہے۔ تاہم بعض چینل پر سکینڈل، بد عنوانیاں اور حکومت کی غلطیوں کی نشاندہی کریں۔ حکومت پر اپوزیشن تنقید بڑھے۔ مذہبی اور سیاسی جماعتوں کو ہموار کرنے کے مواقع ملیں۔ چوری چکاری، جرائم مثلاً کڈنی فراڈ، ڈکیتی کی وارداتوں اور بچوں کے خلاف جرائم میں اضافہ۔ اگرچہ خانہ مال میں قران سعدین خوشنما معاشی گورکھ دھندوں کی تصویر کشی۔ خانہ مال کے حاکم شمس کا بارھویں ہونا ملکی معیشت پر بوجھ اور غیر ضروری اخراجات کسی نئی بجٹ یا ٹیکس یا پٹرولیم کے مہنگا ہونے کا خدشہ بعید از قیاس نہیں۔ مریخ کی بارھویں بدستور موجودگی نحوست سے خالی نہیں۔ مذہبی فسادات، آتشزدگی، خفیہ اداروں کی ذمہ داریوں میں اضافہ، اپوزیشن حکومت کو ہلانے کے لیے نئے حربے استعمال کرے۔ ذنب (راس) کی ہر دو زائچوں میں موجودگی جوڈیشل کمیشن میں اہم انکشافات اور فیصلوں کی رپورٹ ملکی سیاسی حالات میں بھونچال یا ایک نئی کروٹ لے گی۔

قمر در عقرب اس نحس وقت کی ابتداء 24 جولائی 07 بجکر 08 منٹ تا 26 جولائی 17 بجکر 26 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز ٹھیک نہیں ہے۔

ستمگر ستمبر

کیا دنیا تباہ ہونے والی ہے؟

رواں سال ستمبر میں زمین سے ٹکرانے والے شہاب ثاقب دنیا کو تباہ کر دیں گے، ماہرین کی پیش گوئی

آنے والے سینکڑوں سال تک کوئی بھی شہاب ثاقب زمین سے نہیں ٹکرائے گا۔ ناسا کا دعویٰ

دنیا کی تباہی سے متعلق نشاندہی کرنے والی اہم ترین شخصیات کا ماننا ہے کہ رواں سال ستمبر میں دیوہیکل سائز کے شہاب ثاقب زمین سے ٹکرا جائیں گے جس سے دنیا تباہ اور کائنات سے زندگی کا وجود مٹ جائے گا تاہم سائنسدانوں نے اس پیش گوئی کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہاب ثاقب زمین سے ٹکرانے سے قبل ہی تباہ ہو جائیں گے۔ دنیا بھر کی ویب سائٹس پر پیش گوئی کرنے والے جوتش اور دیگر ماہرین فلکیات کا کہنا ہے کہ انتہائی بڑے سائز کے شہاب ثاقب زمین کی طرف بڑھ رہے ہیں اور 2015ء رواں سال 22 سے 28 ستمبر کے درمیان وہ زمین سے ٹکرا کر اسے تباہ کر دیں گے جب کہ سیاستدان اسکے بارے میں جانتے ہیں لیکن وہ یہ بات عوام سے چھپا رہے ہیں۔ کچھ ماہرین اور بلاگرز کا کہنا ہے کہ شہاب ثاقب کا زمین کی جانب تیزی سے بڑھنا سرن کے تحت ہونے والے تجربے لارج ہیڈرن کولائیڈر کی وجہ سے ہے جب کہ سرکل میں بنا ہوا اس کا لوگو 666 اس تباہی کی علامت ہے۔ ایک برطانوی ویب سائٹ پر شائع ہونے والی خفیہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکا نے شہاب ثاقب کی اس تباہی سے بچنے کے لیے "جیڈ ہیلم" کے نام سے ایک خفیہ فوجی آپریشن کا آغاز کر دیا ہے جس میں ایک ہزار فوجی شریک ہیں جس کا مقصد ان لوگوں کو مارنا ہے جو دنیا کو اس تباہی سے آگاہ کر رہے ہیں۔ دوسری جانب ناسا کے سائنسدانوں نے اس پیش گوئی کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ تقریباً تمام ہی شہاب ثاقب زمین تک پہنچنے سے پہلے انتہائی گرم ماحولیاتی فرکشن کی وجہ سے تباہ ہو جائیں گے اور یہی وجہ ہے کہ عام طور پر شہاب ثاقب کی اکثریت اس گرمی کی وجہ سے جل جاتے ہیں اور زمین تک نہیں پہنچ پاتے۔ ناسا کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اس وقت کوئی بھی شہاب ثاقب ایسا نہیں جو زمین سے ٹکرانے والے راستے پر محو سفر ہو بلکہ کہا جا سکتا ہے کہ آنے والے سیکڑوں سال تک کوئی بھی شہاب ثاقب زمین سے نہیں ٹکرائے گا۔

9 جون 2015ء بروز منگل پاکستان کے مشہور میڈیا گروپ ایکسپریس کے ویب ڈیسک کی اس خبر سے ماضی میں گزرے مختلف ادوار کے ستمبر کی ستم گریاں تازہ ہو گئیں جو کہ نہ صرف مملکت پاکستان بلکہ دنیا میں مختلف اقوام و سیاستدانوں کے لیے تلخ یادوں اور تجربات کا باعث بنیں۔ پھر اس قسم کی خبریں جب 2012ء میں مایان کیلنڈر کے متعلق زبان زد عام تھیں کہ دنیا 2012ء میں ختم ہو جائے گی اور زمین پر رہنے والے بیشتر کم عقیدہ لوگ اس خوف میں مبتلا ہو گئے تھے۔ تبھی شہزادہ سید افکار حسین زنجانی کی زیر سرپرستی اور شفقت میں سید محمد علی شاہ زنجانی نے دوران تعلیم اپنے دورہ انگلینڈ میں "12 امامیہ جنتری" آمد ظہور باسعادت امام مہدی آخرالزمانؑ کے انتظار میں شائع کی جس کا سلسلہ ان کی پاکستان آمد کے بعد بھی جاری ہے اور صرف 4 سال کے قلیل عرصہ میں یہ مومنین میں مقبولیت پا رہی ہے۔

معراج مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں باری تعالیٰ نے اپنے محبوب کو خوشخبری سنائی کہ ایک دن ایسا آئے گا جب دین اسلام پوری کائنات "دنیا" میں سرفراز ہوگا۔

تب سے اب تک بین المذاہب میں امام زمانہ حجت القائم کا بھی انتظار فرما رہے ہیں۔ ہر مذہب، ہر قوم اس دن کے انتظار میں ہے۔ اچانک 21-12-2012 مایا کیلنڈر کے مطابق دنیا بھر میں اس پیش گوئی کا طوفان اٹھا کہ اس دن دنیا کا خاتمہ ہو جائے گا۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ جب تک حضرت امام مہدی تشریف نہ لائیں گے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم ان کی تصدیق نہ فرمائیں گے اور دنیا عدل سے نہ بھر جائے گی، تب تک قیامت نہ آئے گی۔ قرآن میں امام زمانہ کا نام بقیۃ اللہ ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ انتظار کرو میں بھی انتظار کر رہا ہوں۔ بین المذاہب کتب میں وہ ہستی ایسی ہستی ہے جس کے تعینات جدا جدا ہیں یعنی اس ذات واحد پر ہر مذہب نے ایک نام لگا دیا ہے، ہر مذہب اسے اپنے نام سے موسوم کرتا ہے اور انہیں ہی اپنے مذہب کا سپر مین سمجھتے ہیں اور اپنی طرف سے اس ہستی کا نام تجویز کرتے ہیں۔ دراصل وہ واحد شخصیت ہے جس کا نام حجت اللہ بالغہ ہے۔

☆ اہل تورات انہیں اوقید کہتے ہیں۔ ☆ تورات سماوی میں اسے واقید کہتے ہیں۔ ☆ توریت عبرانی میں اسے ماشع کہتے ہیں۔ ☆ باسک وید براہمہ میں اسے منصور کہتے ہیں۔ ☆ ہزار نامہ ہند میں اسے لنڈ بیارا کہتے ہیں۔ ☆ ماچار الامان میں اسے فیروز کہتے ہیں۔ ☆ زرطشت کی کتاب ماجاست نامہ میں اسے سدش ایزد کہتے ہیں۔ ☆ صرا میں داؤد اور ماریہ قین میں اسے زندا فریس کہتے ہیں۔ ☆ دوانک اور ارماطش میں اسے شاطیل کہتے ہیں۔ ☆ زبور میں اسے ذات کو منذ مو کہتے ہیں۔ ☆ صحف ابراہیم میں اسے حاشر کہتے ہیں۔ ☆ پازند میں اسے یزداں شناس کہتے ہیں۔ ☆ انجیل میں اسے مہید الآخر کہتے ہیں۔ ☆ پامکل میں انہیں راہنما کہتے ہیں۔ ☆ وشتویک میں انہیں میمون کہتے ہیں۔ ☆ سکھ مذہب میں کلکی اوتاروں کہتے ہیں۔ ☆ لسان لوط میں انہیں قوہ کہتے ہیں۔ ☆ عرب بادیہ نشین انہیں ابو الصالح کہتے ہیں۔ ☆ زبان قدرت میں انہیں مقدرہ کہتے ہیں۔ ☆ لوح محفوظ پہ ان کا نام حجۃ اللہ البالغۃ تحریر ہے۔ ☆ زبان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف کہتے ہیں۔ ☆ زبان مرتضوی میں اس کو منتظم کہتے ہیں۔ ☆ زبان صادق آل محمد علیہ السلام میں انہیں قائم عجل اللہ فرجہ الشریف کہتے ہیں۔ ☆ لسان الٰہی میں اسے صاحب الغیبت کہتے ہیں اور حقیقی نام و کنیت وہ ہے جو سرور کائنات فخر موجودات ﷺ کے نام و کنیت ہے۔ یہ ایک ذات واحد ہے، جسے ہر مذہب اپنے نام سے پکار رہا ہے۔

امام زمانہ علیہ السلام کا انتظار کسی خاص علاقہ اور مذہب سے مخصوص نہیں ہے بلکہ یہ ایک عالمی وسیع اور ہمہ گیر انتظار ہے۔ یہی بات آخر کار اس اعتقاد کے فطرتی ہونے پر دلیل ہے۔

اب چاہے معاملہ 21-12-2012 کا ہو یا ان کم عقیدہ جوتش اور ماہرین فلکیات کا جو ستمبر 2015ء کو دنیا کا خاتمہ قرار دے رہے ہیں۔ زائچہ پاکستان پر کھلی بحث کے لیے جون کے شمارہ میں دعوت دی جا چکی ہے جو کہ انشاء اللہ اگست 2015ء کے شمارہ میں شائع ہوگی۔ مومنین کے ساتھ دعا گو ہوں کہ معرفت امام زمانہ ہماری ادنیٰ سی کاوش کو قبول فرمائیں اور جلد امام ظہور فرمائیں۔

کروڑوں مومنین کے ساتھ منتظر امام زمانہ

شہزادہ سید مسعود علی زنجانی

یا وارثِ ائمہ محمد ﷺ
معرفتِ قائمؑ کی اَب جد

از تحریر: محمد علی سلیمانی، ڈیرہ اسماعیل خان

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً

(البقرہ، آیت نمبر 30)

ترجمہ: اور جب تمہارے رب نے کہا ملائکہ سے کہ یقیناً میں زمین میں خلیفہ قرار دینے والا ہوں۔

اس فرمانِ الٰہی سے معلوم ہوا کہ انسان کے زمین پر آنے سے پہلے ہی اس کی ہدایت کے لیے ہادیؑ کا وجود لازم قرار دیا گیا ہے، یہ انسانی اجتہاد ہے اور انسان کی اختیار؟ تو وہ بھی پروردگار کی طرف سے یَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ (سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 71)

ترجمہ: قیامت کے دن ہر شخص کو اس کے (زمانے) کے امامؑ کے ساتھ بلایا جائے گا۔

معلوم ہوا ہادیؑ کا وجود قبل ما خلقت، خلقت کے ساتھ اور بعد ما خلقت، اللہ کا قانون لازم ہے۔ چنانچہ رسول خدا نے بھی اس آیت کے ضمن میں فرمایا۔ جو مشہور بین الفریقین ہے کہ "جو مر گیا اور اپنے زمانے کے امامؑ کی معرفت نہ پاسکا وہ جاہلیت کی موت مرا"۔ قرآن نے بھی بتایا اور رسول اکرمؐ نے بھی بتایا کہ کوئی زمانہ ہادیؑ سے خالی نہیں ہے، اگر کسی زمانہ میں ہادیؑ نہ ہو تو اس زمانہ کے لوگ بروز محشر بارگاہ الٰہی میں حجت پیش کر سکتے ہیں کہ یا اللہ یَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ کا تو پتہ تھا مگر ہمارا زمانہ وجودِ ہادیؑ سے خالی تھا۔ آج ہم کس کا دامن تھام کر آپ کی بارگاہ میں آتے؟ چنانچہ جابرؓ بن سمرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی پاکؐ سے سنا کہ بارہ امیر ہوں گے اور وہ سب قریش سے ہوں گے۔ (صحیح بخاری شریف، جلد 3، ص 790)

اور صحیح مسلم جلد نمبر 2، ص 191 طبع مصر میں ہے کہ یہ امر (دین) ختم نہیں ہو گا، جب تک اس میں بارہ خلیفہ نہ ہو جائیں، وہ سب قریش سے ہوں گے۔ دین اسلام بارہ خلفاء تک گرامی و باعزت رہے گا، ہمیشہ یہ دین قائم رہے گا، جب تک قیامت نہ آجائے یا تم پر بارہ خلفاء نہ ہو جائیں۔ اسی طرح ارشاد نبویؐ ہے: "ہمیشہ یہ دین قائم رہے گا، جب تک تم پر بارہ خلیفہ نہ ہو جائیں۔" (سنن ابی داؤد، جلد نمبر 4، طبع مصر، ص 106)

اسی طرح مشکوٰۃ شریف، کنزالعمال، مسند طیالسی، مسند احمد بن حنبل وغیرہ میں بھی اسی طرح کی بارہ خلفاء والی احادیث صحیح اسناد کے ساتھ موجود ہیں۔

پس انہی بارہ خلفاءؑ، بارہ اماموںؑ سے خبردار کرنے کے لیے رسول اکرمؐ بار بار اپنی امت کو نصیحت و وصیت فرماتے رہے کہ میں تمہارے درمیان دو بھاری چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں ایک قرآن اور دوسری میری آلؑ جو میری عترت ہیں۔ جو بھی ان دونوں سے متمسک رہا، وہ کامیاب ہوا اور نجات پا گیا اور جس نے انہیں چھوڑا وہ گمراہ ہوا اور غرق ہو گیا۔ (الصواعق المحرقہ، ص 754۔ ینابیع المودۃ ص 59، ارجح المطالب ص 321)

یہی وہ آلؑ اور عترتؑ ہیں جن کے بارے میں کہا گیا کہ یہ امر یعنی دین اسلام ختم نہیں ہوگا، جب تک ان میں بارہ خلفاء نہ ہو جائیں۔ یعنی دین اسلام کا آج بھی باقی ہونا ثابت کر رہا ہے کہ ابھی تک بارہ خلفاء میں ایک خلیفہ باقی ہے اور یہی حدیث وجودِ امامؑ کے لیے خود ایک بہت بڑی دلیل ہے۔ پس آج جس آخری خلیفہؑ و امامؑ کا پوری دنیا شدت سے انتظار کر رہی ہے اور ساتھ ساتھ خداوند تعالیٰ بھی فرما رہا ہے کہ فَانْتَظِرُوْا اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ کا انتظار کرو (اس ہادی کا) میں خود (اس کا) منتظر ہوں۔ (سورۃ یونس، آیت نمبر 102)

وہ بارہواں امام محمد مہدیؑ آخر الزماں ہیں جو کسی اجماع یا شوریٰ کا منتخب کردہ نہیں بلکہ اللہ کا بنایا ہوا امامؑ ہے، جن کے ظہور کی علامات و نشانیاں گوؤں سے ہر

مذہب کی کتب معتبرہ و آسمانی صحائف بھرے پڑے ہیں۔ قرآن پاک نے اسی امام کے بارے واشگاف الفاظ میں انسانیت کو خبردار کیا کہ:

يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِن قَبْلُ

ترجمہ: جس دن تمہارے رب کی بعض نشانیاں آئیں گی تو کسی کا ایمان اس وقت اسے فائدہ نہ پہنچائے گا، جب تک وہ اس سے پہلے ایمان نہ لایا ہو۔

رسول پاکؐ نے فرمایا: آیات اور نشانیوں سے مراد آئمہ پاک ہیں اور وہ آیت اور نشانی جس کا انتظار کیا جا رہا ہے، وہ امام مہدیؑ ہیں۔ پس ان ہی بارہ اماموں کو قرآن نے "ولی الامرؑ" کے نام سے یاد کیا ہے اور ان ہی کی اطاعت کو واجب قرار دیا گیا ہے۔ یہ وہی "ولی الامرؑ" ہیں جن کا ذکر سورۃ القدر میں اسی طرح کیا گیا:

تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم

"کہ اس رات ملائکہ اور روح (جبرائیلؑ) نازل ہوتے ہیں، اپنے رب کے حکم سے۔"

اور کیوں نازل ہوتے ہیں؟ کہاں نازل ہوتے ہیں؟ اس کا جواب بھی قرآن نے دیا کہ:

يُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ بِالرُّوحِ مِنْ أَمْرِهِ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ

کہ اس رات وہ نازل کرتا ہے فرشتوں کو روح (جبرائیلؑ) کے ساتھ اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے۔ (سورۃ النحل، آیت نمبر 2)

معلوم ہوا کہ فرشتے اور جبرائیلؑ نازل ہوتے ہیں اللہ کے "عبد" پر۔ وہ بھی ایسا عبد جو اللہ کی چاہت ہوتا ہے۔ رسول پاک ﷺ سے بڑھ کر اللہ کا کوئی "عبد" نہیں۔ اب رسول پاکؐ تو اس دنیا سے ظاہراً رخصت ہو گئے لیکن شب قدر آج بھی ہر سال آتی ہے۔ ملائکہ [illegible] ائیلؑ آج بھی ہر سال نازل ہوتے ہیں، بتائیں کس پر؟ ملائکہؑ و جبرائیلؑ تو نازل [illegible]ں مگر زمین پر اللہ کا کوئی "عبد" نہ ہو تو یہ ایک عبث فعل ہوگا، جبکہ خدا کا کو[illegible] فعل عبث نہیں ہوا کرتا۔ پس ڈھونڈ لیجیے کہ رسول پاکؐ نے جن کے لیے فرمایا:

علی منی و انا منہ حسین منی و انا من الحسین، فاطمۃ بضعۃ منی

یہی وہ عترتؑ ہیں جو رسول پاکؐ کے بعد اللہ کے "عبد" ہیں۔ چنانچہ علامہ فخر الدین رازی کو اپنی تفسیر کبیر کی جلد نمبر 8 میں لکھنا پڑ گیا کہ "سورۃ القدر کے ضمن میں حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ وہ ملائکہ ہم پر نازل ہوتے ہیں اور اسی بارہویں امامؑ کے ساتھ مخصوص ہے۔" اس آیت کا اطلاق هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ (سورۃ توبہ)۔ وہی ذات ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ ہر دین پر غالب آ جائے۔ اس آیت میں اللہ نے دین اسلام کو تمام ادیان پر غالب آنے کا وعدہ کیا ہے، تاہم ابھی تک یہ وعدہ پورا نہیں ہوا۔ چنانچہ امام فخر الدین رازی اپنی تفسیر کبیر کی جلد چہارم میں اسی آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ "ہمارے قول میں یہ زمانہ مہدیؑ میں ہوگا، کوئی شخص ایسا نہیں ہے گا جو یا تو اسلام میں داخل ہو جائے یا جزیہ ادا کرے گا"۔

اسی طرح الصواعق المحرقہ 3، ص 553 میں یوں آیا ہے کہ "رسول پاکؐ نے فرمایا: مہدیؑ میری اولاد میں سے ہوگا، اس کا چہرہ چمکدار ستارے کی طرح ہوگا، اس کا رنگ عربی اور جسم اسرائیلی ہوگا، زمین کو ایسے ہی عدل سے بھر دے گا، جیسے وہ ظلم سے بھری ہوئی ہوگی، اس کی خلافت سے زمین و آسمان والے اور فضا کے پرندے خوش ہوں گے۔

"شاکمونی ہند" ہندوؤں کے نزدیک پیغمبر اور صاحب کتاب مشہور ہے جس میں امام مہدیؑ کی بشارت اس طرح ملتی ہے۔ "دنیا کی بادشاہت سید خلائقات جہان کشن (ہندی زبان میں محمدؐ پاک کو کشن کہا جاتا ہے) کے فرزند بزرگوار پر ختم ہو گی۔ دنیا کے مشرق و مغرب کے پہاڑوں اور بادلوں پر حکمران ہوں گے، وہ بادلوں پر سوار ہوں گے اور فرشتے ان کے نوکر ہوں گے، جن و انس آپؑ کی خدمت میں ہوں گے، دین خدا ایک

(بقیہ صفحہ نمبر 13 پر)

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہ جولائی 2015ء

آسمانی کونسل میں نظرات سیارگان کی عملیات و تعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات ترتیب میں نحس اعمال جبکہ تدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت اپنے سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بھی عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ الجھن ختم ہو گئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہو جاتا ہے۔ سالانہ ذنجانی جنتری 2015ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز ادا کر کے ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم مع سائر انبیاء، صحابہ اور اولیاء کرام پڑھیں۔ بطور خصوص پہ نیت رجال الغیب مردان غیب! جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، ان کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	مغرب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ وَیَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَۃِ اَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّۃٍ وَانْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ یَا رُقَبَاءُ، یَا نُقَبَاءُ، یَا نُجَبَاءُ، یَا اَبْدَالُ یَا اَوْتَادُ یَا قُطْبُ یَا غَوْثُ اَعِیْنُوْنِیْ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین و قارئین کے استفادہ کیلئے دیے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو گندم، ایک کلو سوجی یا باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری								تیسری							چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

قران زہرہ مشتری: اس نیک وقت کی ابتداء 29 جون 13 بجکر 16 منٹ، تکمیل نظر کیم جولائی 12 بجکر 51 منٹ اور خاتمہ نظر 2 جولائی 14 بجکر 6 منٹ پہ ہوگا۔ پسندیدہ جگہ شادی، انعامی چانسز فرض ہر جائز مقصد کے لیے سورۃ یوسف اور سورۃ یٰسین کے نقش لکھ کر پائے جاسکتے ہیں یا پھلدار درخت سے باندھیں۔

(نقش آگے دیے جارہے ہیں)

تسدیس عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 3 جولائی 11 بجکر 32 منٹ، تکمیل نظر 4 جولائی 5 بجکر 47 منٹ اور خاتمہ نظر 4 جولائی 23 بجکر 30 منٹ پہ ہوگا۔ حل اشکالات ہر قسم میں نقش نادعلی ساعت مشتری میں بنا کر پاس رکھیں۔

	۷۸۶		
۱۶۰۳	۱۶۰۶	۱۶۰۹	۱۵۹۶
۱۶۰۸	۱۵۹۷	۱۶۰۲	۱۶۰۷
۱۵۹۸	۱۶۱۱	۱۶۰۴	۱۶۰۱
۱۶۰۵	۱۶۰۰	۱۵۹۹	۱۶۱۰

تسدیس عطارد زہرہ: اس سعد وقت کی ابتداء 4 جولائی 12 بجکر 19 منٹ، تکمیل نظر 5 جولائی 13 بجکر 15 منٹ اور خاتمہ نظر 6 جولائی 12 بجکر 22 منٹ پہ ہوگا۔ برائے الفت و محبت، پسندیدہ جگہ شادی، انعامی دلچسپی کے لیے سورۃ یوسف کا خالی البطن نقش ساعت زہرہ میں دو نفل حاجت ادا کر کے اتارے باندھیں۔

	۷۸۶	
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۴۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۴۹۹۶	۱۶۷۹۹۴	۲۵۱۹۹۴

تربیع زہرہ زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 5 بجکر 23 منٹ، تکمیل نظر 14 جولائی 11 بجکر 47 منٹ اور خاتمہ نظر 15 جولائی 18 بجکر 58 منٹ پہ ہوگا۔ حاسدین، حاملین میں تفرقہ ولوازمات ناجائز تعلقات کے خاتمہ کے لیے سورۃ ماعون کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

	۷۸۶	
۲۱۲۱۳۶	۵۶۵۷۹۸	۷۰۷۱۲
۴۹۴۹۸۶	یہاں مقصد لکھیں	۳۵۳۵۶۰
۱۴۱۴۲۴	۲۸۲۸۴۸	۴۲۴۲۷۴

قران عطارد مریخ: اس وقت کی ابتداء 15 جولائی 16 بجکر 11 منٹ، تکمیل نظر 16 جولائی 9 بجکر 12 منٹ اور خاتمہ نظر 16 جولائی 17 بجکر 37 منٹ پہ ہوگا۔ مقصد دشمنوں کو زیر کرنا ہو تو ویران درخت سے سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش دو نا کر کے لٹکائیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

	۷۸۶	
۶۸۷	۱۸۳۸	۳۲۹
۱۶۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۱۳۰
۴۰۸	۹۱۸	۳۸

تثلیث شمس زحل: اس نیک وقت کی ابتداء 20 جولائی 15 بجکر 29 منٹ، تکمیل نظر 21 جولائی 16 بجکر 7 منٹ اور خاتمہ نظر 22 جولائی 16 بجکر 47 منٹ پہ ہوگا۔ ترقی روزگار اور بیروزگاری کے خاتمے کے لیے سورۃ یٰسین کا خالی البطن نقش لکھ کر پاس رکھیں۔

(نقش آگے دیا جارہا ہے)

تثلیث عطارد زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 22 جولائی 11 بجکر 40 منٹ تکمیل نظر 22 جولائی 22 بجکر 51 منٹ اور خاتمہ نظر 23 جولائی 10 بجکر 2 منٹ پہ ہوگا۔ برائے حل اشکالات ہر قسم کے لیے نقش نادعلی پاپیپر لکھ کر گلے میں پہنیں۔ سعد مشکل کشا تمام مشکلیں آسان ہوں گی۔

قران شمس عطارد: اس سعد وقت کی ابتداء 23 جولائی 3 بجکر 52 منٹ تکمیل نظر 24 جولائی صفر بجکر 25 منٹ خاتمہ نظر 24 جولائی 10 بجکر 43 منٹ پہ ہوگا۔ ذاتی تخلیقی صلاحیتوں، سعد حوصلہ بڑھانے کے لیے سورۃ یٰسین خالی البطن نقش لکھ کر ساعت عطارد میں پاس رکھنا نیک ہے۔

	۷۸۶	
۵۵۴۵۰	۴۷۶۱۰	۱۸۴۵۰
۱۲۸۱۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۹۲۲۵۰
۳۶۹۰۰	۷۳۸۰۰	۱۱۰۷۱۰

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

رحمکاریہ جفر

از تحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد

اوجِ مشتری اوجِ زحل اوجِ شمس

اوج شمس کی ابتداء 11 جولائی 20 بجکر 19 منٹ اور انتہا 12 جولائی 21 بجکر 27 منٹ پر ہوگی۔

میں دعوت مشغلہ کے ساتھ حاضر ہوں۔ مشغلہ کی دعوت اعلیٰ ما علمین جنز کو اس کا پتہ نہیں۔ اوج مشتری اور اوج زحل کے دوران مشغلہ چاروں چالوں سے (5617) مرتبہ چاروں چالوں سے لکھیں اور اس کے ساتھ (14000) مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔

اس کا ثواب سلسلہ سہروردیہ میں جتنے بزرگ ہیں، ان کو بخشیں۔ اس عمل کی اجازت مجھ سے یا براہ راست آئینہ قسمت سے طلب کریں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ، اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک مزید برکات دیں۔

آتشی		
۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

خاکی		
۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

بادی		
۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

آبی		
۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

اوج مشتری، اوج زحل اور اوج شمس کے دوران نقش شمس کو ایک کاپی پر (7700) مرتبہ لکھیں، پھر ان نقوش کو مٹی کے برتن میں بند کر کے دریا میں پھینکیں۔ حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کو سلام کر کے پھینکیں۔ اس کی برکت سے اللہ پاک دست غیب جاری فرمادے گا۔

عمل: وہ خواتین و حضرات، رجعت میں حروف صوامت میں مبتلا ہیں، وہ نقش 5x5 جو یہ ہیں، ایک الگ کاپی پر (1100) مرتبہ لکھیں۔ اس کی برکت سے اس کی رجعت ختم ہو جائے گی۔

عمل: نقش شمس کی زکوٰۃ اوج زحل کے دوران (6666) مرتبہ ایک الگ کاپی میں لکھیں اور اس کے ساتھ (14000) مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ اس کا ثواب پنجتن پاک علیہ السلام کو بخشیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اس کی اجازت فاسر مجھ سے یا براہ راست عامل شاہ زنجانی سے طلب کریں۔

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

سورۃ الاخلاص سے خیر و برکت کا نقش اور بیمثال وظیفہ

از تحریر: صوفی مشتاق احمد چشتی صابری، لاہور

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص فجر کی نماز کے بعد بارہ مرتبہ سورۃ الاخلاص پوری قل ھو اللہ احد پڑھے گا، تو اس کا ثواب پورے قرآن کی مثل ہوگا اور وہ اس دن اہل زمین میں سب سے بہتر ہوگا، جب کہ وہ متقی اور پرہیزگار ہوگا۔ (بیہقی)

حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو نماز فجر پڑھے اور بات کرنے سے قبل دس بار سورۃ اخلاص پڑھے تو اس دن وہ سورۃ اخلاص کی برکت سے گناہ سے محفوظ رہے گا اور وہ شیطان سے بچا رہے گا۔ (ابن عساکر)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر فرض نماز کے بعد سورۃ الاخلاص پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اپنی خوشی اور مغفرت لازم فرما دے گا۔ (کنزالاعمال)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد پندرہ بار سورۃ الاخلاص پڑھے ہر رکعت میں تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں دو ایسے محل تیار کرے گا، جنہیں اہل جنت دیکھنے کی کوشش کریں گے۔ (درمنثور، جلد 6)

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص چار رکعتوں میں دو سو بار سورۃ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں پچاس بار سورۃ اخلاص پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے سو سال یعنی پچاس سال اگلے اور پچاس سال پچھلے سالوں کے گناہ بخش دے گا۔ (درمنثور، جلد 6)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو اپنے گھر پہنچتے وقت الحمد شریف اور قل ھو اللہ احد سورۃ پڑھتا ہے، اللہ اس کی محتاجی دور فرما دیتا ہے اور اس کے گھر کی خیر و برکت بڑھ جاتی ہے، یہاں تک کہ اس کا فیض پڑوسیوں کو بھی پہنچے گا۔ (درمنثور)

حضرت کعب بن احبارؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو رات اور دن میں دس بار سورۃ الاخلاص اور آیت الکرسی پڑھنے کی پابندی کرے گا، وہ اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی رضا و خوشنودی حاصل کرے گا اور وہ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہوگا اور شیطان سے محفوظ رہے گا۔ (درمنثور)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد دس بار سورۃ اخلاص پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اپنی خوشنودی اور مغفرت لازم کر دے گا۔ (درمنثور)

حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت قل ھو اللہ احد سورۃ پڑھتا ہے تو یہ سورۃ اس گھر والوں کی اور پڑوسیوں کی غربت و افلاس دور کر دیتی ہے۔ (کنزالاعمال)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو رات کو بستر پہ سونے کا ارادہ کرے وہ اپنی داہنی کروٹ پہ سوئے، پھر قل ھو اللہ احد سورۃ سو بار پڑھے، جب قیامت کا دن ہوگا، اس سے اللہ تبارک و تعالیٰ فرمائے گا اے میرے بندے اپنی داہنی جانب سے جنت میں داخل ہو جاؤ۔ (درمنثور)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو مسلمان خواہ وہ غلام کیوں نہ ہو اگر دن یا رات میں سو بار سورۃ الاخلاص پڑھے گا، تو اللہ تعالیٰ اس کے پچاس سال کے گناہ ضرور بخش دے گا۔ (کنزالاعمال)

ثاقب ارسل جفر

لوح رمضان شریف جمعۃ الوداع

از قلم: منیر احمد میرانی قمبر (لاڑکانہ)

قارئین کرام! آج کے اس دجالی زمانہ میں لوگ کثیر تعداد میں جانے کتنے موذی اور مہلک امراض میں مبتلا ہیں اور لاکھوں روپیہ خرچ کر کے پریشان ہو کر ڈاکٹروں اور جعلی عاملوں کے پاس جاتے ہیں، اپنی مرض کی شفا کے لیے۔ مگر ان ڈاکٹروں اور عاملوں کو اس بیمار کے مرض کی شناخت بھی نہیں ہوتی۔ اس مریض کو مرض کیا ہے، وہ بیچارا مریض مایوس ہو کر خاموش بیٹھ جاتا ہے۔ غریب و مسکین انسان کیا کرے، اس دجالی دور میں کوئی بھی کام مفت میں نہیں ہوتا۔ فی سبیل اللہ آپ کی خدمت میں ایک نایاب اور آسان مجرب عمل پیش کرتا ہوں۔ دربار خداوندی سے دعا ہے کہ وہ اس عمل کے ذریعے مرضوں میں مبتلا مریضوں کو شفا عطا فرمائے گا۔ آمین

کوئی بھی مرض ہو اور پتا بھی نہیں چلتا کیا ہے، اس کے لیے آب حیات کی مانند ہے۔ اگر پتا چلے کہ سحر جادو کا خطرناک اثر ہے یا آسیب، جن کا اثر ہے یا کوئی موذی مرض ہے۔ شوگر، بلڈ پریشر، ہارٹ اٹیک وغیرہ وغیرہ۔ شفا کے علاوہ اس لوح مبارکہ کے اور بھی فوائد ہیں۔

حروف مقطعات جو قرآن حکیم میں 14 مرتبہ استعمال ہوئے ہیں، جن کو اسم اعظم سے جانا جاتا ہے۔ اس لوح مبارک کو رمضان کریم کے آخری جمعۃ المبارک کو عصر اور مغرب کے درمیان تیار کریں۔ مشک و زعفران، عرق گلاب سے سیاہی تیار کریں۔ اس وقت میں لکھنا شروع کریں۔ شروع کرنے سے پہلے غسل جمعہ کریں۔ دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ 114 مرتبہ حروف مقطعات پڑھیں، اول و آخر 11 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں، بعد میں الواح تیار کریں۔ اگر شفا کے لیے تیار کریں تو 5 الواح تیار کریں۔ ایک بادی چال، 4 آتشی چال سے۔ اگر رعب و خواب بندی یا افسر سے کام لیں تو صرف ایک لوح بادی تیار کریں اور راست بازو میں باندھو۔ اجازت زنجانی خاندان سے لیں۔

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

باندھنے کے لیے

۷۸۶

طٰهٰ	حٰمٓعٓسٓقٓ	الٓمٓر	قٓ
الٓر	نٓ	صٓ	حٰمٓ
بن فلاں	الٓمٓصٓ	یٰسٓ	الٓمٓرا
طٰسٓمٓ	کٓهٰیٰعٓصٓ	فلاں	طٰسٓ

پلانے کے لیے

یا شافی ۷۸۶ یا شافی

حٰمٓعٓسٓقٓ	طٰهٰ	قٓ	الٓمٓر
نٓ	الٓر	حٰمٓ	صٓ
الٓمٓصٓ	بن فلاں	الٓمٓرا	یٰسٓ
کٓهٰیٰعٓصٓ	طٰسٓمٓ	طٰسٓ	فلاں

یا شافی یا شافی

تسخیرِ محبوب

ازتحریر: عثمان علی، میرپور ساتھیلو (گھوٹکی)

یہ تاثیر عمل پیش کر رہا ہوں۔ سب سے پہلے سورۃ فاتحہ کا عامل ہونا ضروری ہے۔ بعد میں اس عمل کو کریں تاکہ فائدہ بھی ہو۔ نقش مبارک مندرجہ ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ بستم روش رب العلمین بستم ہوش الرحمن بستم لبالش الرحیم بستم گوشش مالک یوم الدین بعم سیطاش وبستم دلھا حل حب فلاں بن فلاں ایاک نعبد بستم شکمش و ایاک نستعین بستم زبانش اھدنا الصراط المستقیم بستم پایش انعمت علیھم والضالین آمین از دیس و رسیمان دیوان و پریان من بستم شمانیز به بعدین تامن دکشائیم شماھیم نکشائید بحرمت اھیا اشر اھیا فلاں بن فلاں

یہ تین نقش تیار کرے نماز فجر کے فوراً بعد۔ ایک نقش قبرستان میں دفن کرے، دوسرا درخت میں لٹکائے، تیسرا لوہے میں بند کرکے سونے کے وقت سرہانے کے نیچے رکھ کر سوئے اور پھر یہی تعویذ ہر اذان کے بعد 50 مرتبہ شکر کرے اور پڑھ کر قبرستان میں پھینکے۔ صرف ایک دن کرنا ہے اس کی اجازت ضرور لیں اور میرے لیے اور شاہ زنجانی صاحب کے لیے دعائے خیر ضرور کریں۔ آمین

نصیب یاوری کا عمل

ازتحریر: آغا حمزہ علی، بلتستان

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی قسمت کھل جائے۔ اس کی بدبختی دور ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس پر خصوصی نوازش فرمائے۔ وہ ہر روز بعد نماز عشاء سورۃ مزمل شریف کی یہ آیت مبارکہ وَ ذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَ مَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ۝ ایک سو (100) مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ چالیس یوم کے اندر اندر انشاء اللہ اس کا مقصد مکمل ہو جائے گا۔ ہر مرد و عورت کو اللہ تعالیٰ سے رمضان المبارک کے جمعۃ الوداع پر خصوصی دعا کرنی چاہیے۔ شاہ زنجانی اور آئینہ قسمت کی پوری ٹیم کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ باقی خدمت و عمل جاری رہے گا، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے۔

بقیہ: معرفتِ قائمؑ کی راہ

دین ہو گا اور تازہ زندگی حاصل کرے گا۔ ان (بزرگوار) کا نام "ایستادہ" (قائم) ہو گا اور وہ خدا شناس ہوں گے۔

اہل سنت کتاب عقد الدرر باب سوم میں جناب حذیفہؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا: میری اولاد اور نسل میں سے ایک مرد مہدیؑ ہو گا، اس کی صورت روشن ستارے کی مانند، اس کا رنگ عربی اور ہیکل اسرائیلی، زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا، بعد میں اس کے کہ وہ ظلم و جور سے بھری ہو گی، اس کی خلافت کے دور میں اہل آسمان اور ہوا میں محو پرواز پرندے بھی راضی و خوشنود ہوں گے۔ ہندوؤں کی ایک اور کتاب "دید" میں مذکور ہوا کہ:

"دنیا کی خرابی کے بعد آخری زمانے میں ایک بادشاہ ظاہر ہو گا جو تمام مخلوقات کا پیشوا ہو گا۔ اس کا نام منصور ہو گا، تمام کائنات کو زیر نگین کر کے اپنے دین پر لے آئے گا اور وہ سب لوگوں میں مومن اور کافر کی پہچان رکھتا ہو گا اور خدا سے جو چاہے گا، وہی ہو گا۔

پس ہر مذہب کی کتاب میں اور ہر آسمانی کتاب میں ظہور قائم آل محمدؐ کی بشارتیں سینکڑوں کی تعداد میں موجود ہیں۔

خداوند تعالیٰ ہم سب کو امام محمد مہدیؑ کی معرفت سے بہرہ ور فرمائے اور ان کی محبت و ولایت پر ثابت قدم رکھے۔ آمین

حاضرات کی دنیا

از تحریر: قیصر احمد بی۔اے، کراچی

اس حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے کیونکہ یہ حاضرات سوالات کے جوابات سو فیصد درست بتاتی ہے۔ دیگر اس کا حاضرات کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ آپ اس سے انعامی بانڈز کے نمبر سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں۔ غائب، چوری، امتحانات کے پیپر اور خواہ کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کیجیے۔ یہ حاضرات آپ کو کسی بھی کتاب میں نہیں ملے گی، واقعی قیمتی خواد ہے۔

حاضرات

شَمْيَا هَا هَمَسَيا شَا كَسْفَوج فَودَ وَ هَيس شَما مَاشِ قَيقُوشَايِس سَفْهَوقَاشِ مُهْمَوتِ هَيا هَوتِ ظَوْ سَمْهَايِس ظَوسَاقِ لَوبَابِ اَوهَابِ اَلْوَاحَا هَيَّا يَا اَيُّهَا الْاَرْوَاحُ بِحَقِّ ذَوْ ذَنَاشِ سَلَامٌ هَيَامٌ سَلَامًا هَيَامًا اَخْبَارًا هَيَارَ اَبْصِيْرًا ۝

طریقہ: بچہ 10 سے 14 سال کی عمر کا ہو، اسے نہلا دھلا کر پاکیزہ کپڑے پہنا کر عطر وغیرہ لگا کر عامل اس پر 110 مرتبہ مذکورہ بالا آیت پڑھ کر دم کرے اور پانی پر دم کر کے وہ پانی بچہ کو پلائے۔ بچہ پانی پیتے ہی بے ہوش ہو جائے گا اور وہ نیند کی آغوش میں چلا جائے گا، اسے لٹا دیں، گھبرانے و پریشان ہونے کی قطعاً ضرورت نہیں، کیونکہ بچہ شعور سے اب لاشعور میں چلا جائے گا۔ اب آپ بچہ پر مذکورہ آیت پڑھ پڑھ کر دم کرتے رہیں اور پوچھیں "اے حاضر روح السلام علیکم چند سوالات کے جوابات درست فرمائیں"۔ حاضر روح حاضر ہو کر چند منٹ بعد آپ کے سوالات کے جوابات سو فیصد درست بتائے گی۔ واضح رہے کہ اس حاضرات میں وقت تو لگتا ہے لیکن کامیابی کے امکانات سو فیصد درست ہوتے ہیں۔ آزاد روح سے سوالات کے جوابات معلوم کر کے اسے آزاد کر دیں یعنی جانے کی اجازت دے دیں، بعد شکریہ ادا کر کے آزاد کر دیں۔

پھر بچہ پر تین مرتبہ آیت الکرسی اور تین مرتبہ ناد علی پڑھ کر دم کر دیں، بچہ فوراً اٹھ جائے گا اور ہوش میں آجائے گا۔

حاضرات: آ ودرے کے بار والا گرا حاضر ہو۔

121 بار کسی بھی کاجل پر 25 دسمبر کو پڑھ کر دم کریں۔ حاضرات کی سیاہی تیار ہو جائے گی۔ کیونکہ یہ حاضرات عیسائی مذہب سے تعلق رکھتی ہے۔ لہٰذا 25 دسمبر کو اس کی زکوٰۃ ادا کر کے تیار کر لیں۔

طریقہ: کسی بھی نابالغ بچہ کے دائیں ناخن کے انگوٹھے پر کاجل لگا کر عمل مذکورہ بالا کو کر 28 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور بچہ کو ناخن میں دیکھنے کو کہیں۔ چند ہی منٹ بعد ناخن کے انگوٹھے میں حاضرات کا نزول ہوگا، جس سے آپ اپنے ہر مقاصد کا حل معلوم کر سکتے ہیں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست معلوم کریں، نایاب حاضرات ہے۔

حاضرات: لوث روث رنگ حال فق

یہ ترکی زبان کا لفظ ہے، آپ کسی بھی کاجل پر 121 مرتبہ بروز منگل یا جمعہ کو عمل کو پڑھ کر کاجل پر دم کر لیں۔ حاضرات کی سیاہی تیار ہو جائے گی۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے سامنے قبلہ رخ بٹھائیں اور انگوٹھے کے ناخن پر سیاہی لگائیں اور بلا تعداد و مندرجہ بالا عزیمت پڑھتے رہیں۔ چند ہی لمحوں میں ناخن میں چمک پیدا ہو کر حاضرات شروع ہوگی، پھر آپ بچہ کے توسط سے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں، ہر بات کا تسلی بخش جواب ملے گا۔

حاضرات: وَهُوَ الْجَسَّاءُ سَلِيْسَلُ الْحَقُّ يَا رَحِيْمُ يَا كَرِيْمُ

طریقہ: لڑکے کے ناخن پر حاضرات کی سیاہی لگا کر مذکورہ بالا عزیمت کو 28 مرتبہ پڑھ کر دم کریں، حاضرات ہوگی اور ضرور ہوگی۔ ہر سوال کا جواب بچہ سے پوچھیں جو تسلی بخش ہوگا۔

حاضرات خاص

عمل: لُن لُن تِپ تِپ دِھڑ دِھڑ

اول آیت الکرسی پڑھ کر 9 یا 12 سال کے بچے پر دم کریں اور بچہ کے ہاتھ پر حاضرات کی سیاہی لگا کر حاضرات کریں اور اس میں دیکھنے کا حکم دیں اور پھر مذکورہ کلمات 41 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور بچہ کو کہیں کہ یہ کلمات دہرائے۔

میدان صاف ہو جائے 2 مرتبہ جھاڑو دینے والا جھاڑو دے 2 مرتبہ، چھڑکاؤ والا چھڑکاؤ کرے 2 مرتبہ، تخت بچھانے والا تخت بچھائے 2 مرتبہ اور تخت پر بیٹھنے والا تشریف لائے اور بیٹھ جائے 2 مرتبہ۔ جب بچہ کہے کہ بزرگ آ گئے ہیں تو کہے السلام علیکم 2 مرتبہ اور بچے سے پوچھیں کہ سلام کا جواب ملا۔ بچہ جب اقرار کرے تو کہے کہ بابا جی فلاں سائل فلاں مسئلہ کے لیے حاضر ہے۔ اپنی پولیس کو بلاؤ، تختہ سیاہ اور چاک منگواؤ اور سائل کا مسئلہ حل کرو، پھر حسب مسئلہ سوالات کرتا جائے اور جواب بچہ دیکھ کر پڑھ کر بتاتا جائے۔

یاد رہے کہ سورج کی طرف بچہ کی پشت ہو اور عامل کا رخ منہ اس طرف ہو اور طلوع آفتاب کے بعد عصر تک حاضرات کر سکتے ہیں۔ عامل اور معمول دونوں باوضو ہوں، جب کام ہو جائے، حسب سابق سلام عرض کر کے حاضرات کو اجازت دیں اور بچہ پر آیت الکرسی اور ناد علی پڑھ کر دم کریں۔

حاضرات: بچی/بچہ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر یَا فَتَّاحُ لکھیں اور عامل سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے اور انگلی سے بچے کے انگوٹھے کو پکڑ کر رکھے۔ اب یَا فَتَّاحُ لکھے ہوئے پر سیاہی پھیرتا رہے اور بلا تعداد مندرجہ ذیل عزیمت پڑھتا رہے۔ چند لمحوں بعد ناخن میں چمک پیدا ہوگی اور حاضرات شروع ہوگی۔ عامل جب تک انگوٹھے اور انگلی سے بچی/بچہ کا انگوٹھا پکڑے رہے گا، حاضرات برقرار رہے گی۔ جب چھوڑ دے گا، حاضرات بند ہو جائے گی، حاضرات عامل کو بھی نظر آئے گی۔ حاضرات کے پڑھنے کا عمل یہ ہے:

عمل: اُحضُرُو اُحضُرُو یا صاحب الجن والانس بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر شو حاضر شو حاضر شو العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا۔

حاضرات: رحم کر میرے مولا مجھے رحمت کا خدا کہتے ہیں
حاضرات جلد حاضر ہو محمدؐ کے صدقے جسے صلِ علیٰ کہتے ہیں

۶۶ ۷۸۶ ۶۶

۱۵۴	۱۵۷	۱۶۱	۱۴۷
۱۶۰	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۸
۱۴۹	۱۶۳	۱۵۵	۱۵۲
۱۵۶	۱۵۱	۱۵۰	۱۶۲

۶۶ ۶۶ (دائیں اور بائیں)

۶۶ ۶۶

طریقہ: کسی بچہ کو نہلا دھلا کر اور عطر لگا کر اور کمرہ کو صاف کر کے خوشبو جلا کر نقش کے سیاہ دائرہ میں بھی عطر لگا کر بچے کو سیاہ دائرہ میں نظر جما کر دیکھنے کو کہیں اور عامل مندرجہ بالا شعر کو بار بار پڑھ پڑھ کر سولہویں سیاہ دائرہ میں دم کرتا رہے، جب تک بچہ کو سیاہ دائرہ میں کوئی بزرگ نظر نہ آئیں، اُس وقت تک مسلسل شعر کو پڑھ پڑھ کر سیاہ دائرہ پر دم کرتا رہے۔ چند ہی ثانیہ بعد بچہ کو سیاہ دائرہ میں کوئی بزرگ نظر آئیں گے۔ بچہ سے بزرگ ہستی کو سلام عرض کروائیں اور اپنے حل و مسائل کے بارے میں سو فیصد درست مکمل اور یکی معلومات حاصل کریں۔ حاضرات ختم کرنے کے بعد بچہ سے سلام عرض کروا کر ان کو شکریہ کے ساتھ جانے کی اجازت دیں۔

حاضرات: وَ آو اللہُ وَاللہُ تخت شیطان تا فرقان حاضر شو حاضر شو حاضر شو

طریقہ: فتیلہ میں لکھیں اور اوپر روئی لپیٹیں اور چراغ میں جلائیں یا ناخن پر حاضرات کریں اور ہر قسم کے حالات و حل امور کے بارے میں معلوم کریں۔

حاضرات: اول و آخر درود شریف 3۔3 بار، الحمد شریف 3 بار، قل

شریف تین بار پھر یا حی یا قیوم پڑھتیک اَسْتَغِیْثُ حاضر شو حاضر شو حاضر شو پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ جھاڑو والا آئے، چھڑکاؤ کرے ترتیب کے مطابق کریں، پھر حضرت سلیمان کو بلائیں اور حالات دریافت کریں۔

حاضرات

۶۶		۷۸۶	۶۶
۲۷۲	۲۷۵	۲۷۹	۲۶۵
۲۷۸	۲۶۶	۲۷۱	۲۷۶
۲۶۷	۲۸۱	۲۷۳	۲۷۰
۲۷۴	۲۶۹	۲۶۸	۲۸۰
۶۶	حاضرات حاضر شو حاضر شو حاضر شو		۶۶

(نقش کے دائیں اور بائیں جانب: ۶۶ — ۶۶)

طریقہ: کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر قبلہ رخ منہ کرکے سیاہ دائرہ میں حلقہ لگا کر بچہ کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچہ پر یہ کلمات یا نقش یا تعویذ پڑھ پڑھ کر دم کرے اور نقش پر بھی دم کرے، چند ہی لمحوں میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ حاضرات شائقین کے لیے لاجواب تحفہ ہے۔ اس کی قدر دل و جان سے کرنی چاہیے۔

کرشماتی حاضرات

یہ حاضرات کسی کرامت سے کم نہیں، اگر سچ پوچھا جائے تو یہ حاضرات "الہامی" حاضرات ہے۔ اس حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ یہ ایک گوہر نایاب ہے، جس کی مثال ملنا مشکل ہے۔ کیونکہ یہ حاضرات سوالوں کے جوابات سو فیصد درست بتاتی ہے۔

واضح رہے حاضرات کا علم بہت وسیع ہے، اس کے لیے یکسوئی و قوت ارادی اور سانس کی مشقیں مراقبہ، نظر بینی، شمع بینی، خیالات کی پختگی کا ہونا ضروری ہے۔ اگر ان چیزوں پر عبور حاصل ہوگا اور پہلے ہی ان کی مشقیں کرلی جائیں تو حاضرات

(بقیہ صفحہ نمبر 23 پر)

ایک منٹ میں کھل جائے گی ورنہ بقول شاعر ؎

آنکھیں ہی اگر بند تو پھر دن بھی رات ہے
اس میں قصور کیا ہے بھلا آفتاب کا

حاضرات کرنے سے پہلے کسی شیرینی پر فاتحہ پڑھ کر حضرت غوث پاک" اور ان کے خصوصی گیارہ مریدین کو ایصال ثواب کریں اور بچوں میں مٹھائی تقسیم کردیں، کمرہ پاک و صاف ہو اور خوشبو سے معطر ہو، عامل اور معمول دونوں پاک و صاف اور باوضو ہوں۔ چند عدد گلاب کے پھول رکھیں اور کسی طفل نابالغ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن یا ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور اس پر تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور پھر بچہ کو اس سیاہ کاجل میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور 28 مرتبہ یہ عزیمت بچہ پر اور سیاہ دائرہ پر پڑھ کر دم کرے۔

یا ذوالجلال والاکرام مجھے مشکل تجھے آسان
حاضرات جلد حاضر ہو بحق یا سلطان یا فرقان

تھوڑی ہی دیر میں سیاہ دائرہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر آپ بچہ کی معرفت اپنا اور بچہ کا سلام پیش کریں اور اپنا مدعا بیان کریں۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ اگر عامل خود حاضرات کا مشاہدہ کرنا چاہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل ایک آئینہ لے اور اس میں ایک سیاہ نشان گول دائرہ کی صورت میں بنائے اور اس پر تھوڑا سا عطر گلاب لگائے۔ پہلے دو رکعت نماز برائے حاجت پڑھے۔ بعد ازاں گلوری پر اور چند عدد تازہ گلاب رکھ کر غوث الاعظم دستگیر اور ان کے خصوصی گیارہ مریدین کو ایصال ثواب پہنچائے اور پھر کو معصوم بچوں میں تقسیم کردیں اور اپنی کامیابی کے لیے بھی دعا کریں۔ پھر 313 بار یہ عزیمت سیاہ دائرہ پر پڑھ کر دم کریں۔

یا ذوالجلال والاکرام مجھے مشکل تجھے آسان
حاضرات جلد حاضر ہو بحق یا سلطان یا فرقان

تھوڑی ہی دیر میں سیاہ دائرہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ موکل کو سلام عرض کریں اور اپنے مشکل امور کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ انشاء اللہ ہر

دو سعد ستاروں کا قران

سعد ستارے (عطارد، زہرہ، مشتری، شمس، قمر)

ستارہ عطارد اور زہرہ کا قران مورخہ 16 اگست 2015، ابتداء 8 بجکر 47 منٹ، مکمل 19 بجکر 24 منٹ شام کو رہا ہے۔ خاتمہ 17 اگست 2015، صفر بجکر 42 منٹ بعد نصف شب۔ ان اوقات میں جو بھی سعد عمل کیا جائے اس میں کامیابی لازمی ملتی ہے۔

بعض خصائص لکھ کر عمل کو محدود نہیں کرتا۔ اس لیے جو بھی مرض ہو یا کوئی کام رکا ہو بخت کشادگی کی بندش ہو، کاروباری بندش ہو یا صحت یابی کا معاملہ ہو، محبت یا تسخیر خلائق کا معاملہ ہو، ملازمت میں ترقی میں بندش ہو، ملازمت ومشکل ہو، رزق کی بندش ہو تو ہر مقصد کے لیے اسمائے اعظم کا انتخاب کریں۔ مثلاً

(1)	تسخیر قلوب، منزلت و بلندی:	یَا وَاسِعُ
(2)	غلبہ مخالفین:	یَا قَہَّارُ
(3)	بخت کشادگی:	یَا لَطِیفُ
(4)	برائے صحت و تندرستی:	یَا شَافِیُ
(5)	محبت اتحاد میل ملاپ:	یَا وَدُودُ
(6)	ملازمت کی ضرورت:	یَا رَزَّاقُ
(7)	بے اولادی:	یَا مُصَوِّرُ
(8)	ترقی عہدہ:	یَا رَافِعُ
(9)	کامیابی حاجت روی:	یَا اَوَّلُ
(10)	عزت، دولت، شہرت:	یَا مُمَجِّدُ

عمل: نام مع والدہ طالب کے اعداد بحساب ابجد قمری حاصل کریں۔

منتخب اسم الہٰی کے اعداد بحساب ابجد قمری حاصل کریں۔

اسم طالب کے حروف کو ملفوظی بنائیں۔

اسم الہٰی کے حروف کو ملفوظی بنائیں۔

ملفوظی حروف کے اعداد لے کر مجموعہ بنائیں۔

وقت قران عطارد و زہرہ ایک نقش مربع چال آتشی سے پُر کریں۔ زعفران یا سرخ سیاہی سے نقش لکھیں۔ عمل مکمل تنہائی میں کریں۔ بخور، مصطگی، لوبان، صندل سرخ، صندل سفید۔ رجال الغیب کا لحاظ رکھ کر عمل کریں۔

مثال عمل: سائل۔ طالب سلیمان بن امتیاز

مقصد: ترقی رزق۔ اسمائے اعظم یَا رَزَّاقُ

طالب کے نام کے اعدا بحساب ابجد قمری

س ل ی م ا ن ا م ت ی ا ز

اعداد: 650=7+1+10+400+40+1+50+1+40+10+30+60

اسمائے الہٰی کے اعداد بحساب ابجد قمری

رزاق: 308 = 100 + 1 + 7 + 200

طالب اور اسمائے اعظم کے اعداد کا مجموعہ بحساب ابجد قمری:

958 = 308 + 650

طالب کے حروف کو ملفوظی لکھیں۔

سین۔ لام۔ یا۔ میم۔ الف۔ نون۔ الف۔ میم۔ تا۔ ی۔ الف۔ زا کے ملفوظی

حروف اعداد: 90 + 111 + 106 + 111 + 71 + 120

1241 = 8 + 111 + 11 + 401

اسمائے اعظم کے ملفوظی حروف: را۔ زا۔ الف۔ قاف

ملفوظی حروف کے اعداد:

501 = 181 + 111 + 8 + 201

اعداد بحساب قمری، طالب اور اسمائے اعظم جمع۔

اعداد بحساب ملفوظی طالب اور اسمائے اعظم۔

2700 = 1742 + 958

عمل مربع آتشی: 2700 - 30 = 2670

2670 + 4 حاصل تقسیم: 667 کسر: 2 خانہ 9 میں اضافہ

۷۸۶

یارزاق جبرائیل یارزاق

۶۷۴	۶۷۸	۶۸۱	۶۶۷
۶۸۰	۶۶۸	۶۷۳	۶۷۹
۶۶۹	۶۸۳	۶۷۶	۶۷۲
۶۷۷	۶۷۱	۶۷۰	۶۸۲

یارزاق میکائیل یارزاق

پروردگار محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے میں

محمد سلمان بن امتیاز کے رزق، کاروبار میں ترقی عطا فرما بحق یارزاق

وقت مقررہ پر 2 نقش مربع بنائیں ایک سال پاس رکھے، ایک گھر میں اونچی جگہ لگا دیں۔

اسم طالب اور اسم اعظم کے حروف ملفوظی کرنے پر اعداد 1742 آئے۔ اس مجموعہ کا استنطاق کریں۔ 2 + 4 + 7 + 1 = 14 حاصل ہوا۔

اسم اعظم یَارَزَّاقُ کا ورد بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء 1742 مرتبہ کریں۔ عمل کی مدت 14 روز ہے۔ مقررہ جگہ مقررہ وقت پر ورد کریں۔ بعد ورد مقصد کی دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ 14 دنوں تک مقصد میں کامیابی ملے گی۔

بقیہ: حاضرات کی دنیا کا ایک باب

سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

حاضرات خضر علیہ السلام

یہ حاضرات آپ کی تمام مشکلوں کو صرف چند لمحوں میں حل کر سکتی ہے۔ اگر آپ یقین کامل و ایمان کامل کے ساتھ عمل کریں۔ انشاء اللہ ہر مراد بر آئے گی۔

یا اللہ یا حیُّ ۷۸۶ یا قیومُ یا محمدٌ

۲۴۲	۲۴۵	۲۴۸	۲۳۵
۲۴۷	۲۳۶	۲۴۱	۲۴۶
۲۳۷	۲۵۰	۲۴۳	۲۴۰
۲۴۴	۲۳۹	۲۳۸	۲۴۹

طریقہ حاضرات

جس روز حاضرات کرنا ہو اس روز دھو کر کسی بھی 7 تا 12 سال کے لڑکے/لڑکی کو جسے آپ نے پہلے سے حاضرات کے لیے تیار کیا ہوا ہو، اس کو نہلا دھلا کر اور پاک و صاف کپڑے پہنا کر اور وضو کروا کر اور اس پر عطر لگا کر اسے اپنے روبرو قبلہ رخ بٹھائیں، درمیان میں مذکورہ بالا نقش کاغذ پر سفید گتے پر بنائیں اور سیاہ دائرہ میں تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور بچے سے کہیں کہ اپنی نگاہوں کو سیاہ دائرہ پر مرکوز رکھے۔ ایک نیاز کا ثواب جناب غوث پاکؒ اور دوسری نیاز کا ثواب جناب حضرت خضر علیہ السلام کو پہنچائیں۔ کمرہ خوشبو سے معطر ہو، چند عدد گلاب کے پھول رکھیں اور کمرہ میں اگربتیاں سلگائیں۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراھیمیؑ پڑھیں اور سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر بچے پر اور سیاہ دائرہ پر دم کریں۔ انشاء اللہ چند ہی لمحوں میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور اپنے مشکل مسائل کا حل بھی کروا سکتے ہیں۔

عاملان عملیر کے دستور کے مطابق کسی کو مسخر یا مطیع کرنے کے لیے یا دو شخصوں کے درمیان محبت پیدا کرنے کے لیے ہر دو اسم طالب و مطلوب مع والدہ کے درمیان اسم الٰہی یا کوئی موافق آیات قرآن کریم یا اسمائے حب/محبت کا لفظ جلب قلب لکھتے ہیں۔

تمام سطر کی بسط حرفی کر کے اس سطر کی عملیر صدر موخر کرتے ہیں۔ اس عملیر کے دائیں طرف کا ہر پہلا حرف اور ہر سطر کا بائیں طرف کا آخری حرف لے کر ان دونوں طرفوں کے حروف کے اعداد حاصل کر کے نقش مربع پُر کرتے ہیں۔

عملیر کے دونوں طرف کے حروف کی تعداد کے مطابق عزیمت پڑھی جاتی ہے اور حرفوں کی تعداد کے مطابق ان دن بلا ناغہ فلیتہ جلائیں گے۔

سطر اول کی حرفوں کے اعداد حاصل کر کے مربع نقش پُر کریں اور اس سے موکلات اور اعوان کا استخراج کریں۔

نقش کو ساعت سعید میں لکھیں۔ لکھتے وقت منہ میں میٹھی چیز رکھیں اور بخور صندل سفید اور عنبر اشہب کا جلائیں۔ نقش کا فلیتہ بنا کر روئی لپیٹ کر تلے کو سرے چراغ میں جلائیں۔ سطروں کی تعداد کے مطابق فلیتے بنیں گے۔ چراغ جلا کر چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف رکھیں۔

خود چراغ کے پیچھے بیٹھ کر عزیمت بر سہ (3) اسماء کو عملیر اول کے حروف کی تعداد کے مطابق پڑھیں۔ حروف کی تعداد اگر 10 ہے تو 10 دن بلا ناغہ فلیتہ جلائیں اور 10 مرتبہ عزیمت پڑھیں۔ مقررہ دنوں میں آپ کی مراد کا حصول ہو جائے گا۔

مثال عمل: اسم طالب (ماں کا نام نہیں لکھوں گا) عامر

اسم مطلوب.........ریحہ

مقصد..........جلب قلب

تکسیر

(1) ع ا م ر ج ل ب ق ل ب ت ر ی ح ا

(2) ہ ع ح ا ی م ر ر ت ج ب ل ل ب ق

(3) ق ہ ب ع ل ح ل ا ب ی ج م ت ر ر

(4) ر ق ر ہ ت ب م ع ج ل ی ح ب ل ا

(5) ا ر ل ق ر ح ہ ی ت ل ب ج م ع

زمام: ع ا م ر ج ل ب ق ل ب ت ر ی ح ہ

حرف اول سطر راست: ع ہ ق ر ا ع

حرف آخر سطر چپ: ہ ق ر ا ہ

سطر اول کے حروف راست اور آخر کے حروف چپ کے اعداد: 827

اب مربع کا عمل کریں گے۔

کل اعداد: 827 – 30 + 4

حاصل تقسیم: 199 باقی 1 کسر خانہ 13

استخراج ملائکہ و اعوان

۲۰۶	۲۰۹	۲۱۳	۱۹۹
۲۱۲	۲۰۰	۲۰۵	۲۱۰
۲۰۱	۲۱۵	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۸	۲۰۳	۲۰۲	۲۱۴

خانہ اول کا موکل کرنے کے لیے خانہ اول کے اعداد 199 ہیں۔ ان میں 380 کا اضافہ کیا کل 579 ہو گئے۔ ان سے 41 منفی کیے۔ باقی 538 حروف نکلے "ح ل ش" آگے ایل لگایا تو موکل بنا "حلشائیل"۔

زاویہ دوم کے خانہ میں اعداد 206 ہیں، ان میں 41 عدد منفی کے باقی 473 رہ گئے۔ حروف بنائے "ج ع ت" آگے اصل لگایا تو موکل بنا "تعجائیل"۔ اسی ترکیب سے زاویہ سوم کے اعداد 214 ہیں۔ موکل نکلا "شنجائیل"۔ زاویہ چہارم کے اعداد 208 ہیں موکل نکلا "قمزائیل"۔

عدل کے اعداد 199 + 208 (407) 380 جمع کیا، 41 منفی کیا۔

746 "ذموائیل"۔

وفق کے اعداد: 827 + 380 – 41 = 1166

عدد 1166 کا موکل اعظم بنا "غقسوائیل"

امتزاج اعوان، خانہ دوم کے اعداد: 213 + 380 – 316

277 اعوان بنا۔ "رعویوش"

اعوان دوم خانہ سوم کے اعداد: 209 + 380 – 316

273 اعوان بنا۔ "زعجیوش"

اعوان سوئم خانہ ہشتم کے اعداد: 212 + 380 – 316

276 اعوان بنا۔ "رعویوش"

اعوان چہارم خانہ 12 سے 201 + 380 – 316

265 اعوان بنا۔ "رسیوش"

اعوان پنجم خانہ 15 سے 203 + 380 – 316

267 اعوان بنا۔ "زسزیوش"

اعوان ششم خانہ 14 سے 202 + 380 – 316

266 اعوان بنا۔ "زسریوش"

اعوان ہفتم خانہ 9 سے 204 + 380 – 316

268 اعوان بنا۔ "زسیوش"

اعوان خانہ ہشتم خانہ 5 کے اعداد: 210 + 380 – 316

274 اعوان بنا۔ "رعدیوش"

اب اس تمام عمل کی عزیمت تیار کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ عَزَّمۡتُ عَلَیۡکُمۡ یَا اَیُّھَا الرواح اَلۡکَالَیاتِ اَلطَّاھِرَاتِ بِھٰذَا الحُرُوف والتکسیر یا تَلۡعَائِیلُ یا تَعجَائِیلُ یا شَنجَائِیلُ یا قَمزَائِیلُ یَا ذَموائِیلُ یَا غَقسوائیلُ یَا رَعزِیُوش یا زَعجِیُوش یا رَعوِیُوش یَا رَسھِیُوش یا زَسزِیُوش یَا زَسوِیُوش یا زَسھِیُوش یا رعدیوش اَقۡسَمۡتُ بحق الاسماء ھذا الحروف و تکسیر سُخِّر قلب فریحہ فی حق عامر اُحضر و فریحہ اَلۡعَجَلِ اَلۡعَجَلِ اَلۡعَجَلِ اَلسَّاعَۃُ اَلسَّاعَۃُ اَلسَّاعَۃُ اَلۡوَحَا اَلۡوَحَا اَلۡوَحَا

عزیمت 15 دن 15 مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ مطلوب حاضر ہوگا۔

از تحریر: سیدہ حنا عامر نقوی، سیالکوٹ

قاموس العلوم الجفر

(1) ذاتی اسم اعظم کا وظیفہ برائے حاجات شرعی

مثال: طالب: غلام رضا عسکری سر اسم حرف: غ

اسمائے اعظم جس کا پہلا حرف "غ" ہے۔

الغفور۔ الغنی۔ الغفار۔ الغافر۔ الغالب

اسم اعظم "الغنی" کا انتخاب کیا۔

اسم طالب کے اعداد بحساب ابجد قمری

غ ل ا م ر ض ا ع س ک ر ی

200+20+60+70+1+800+200+40+1+30+100

میزان: 2432 = 10

اسم اعظم کے اعداد بحساب ابجد قمری: ا ل غ ن ی

10+50+1000+30+1

میزان: 1091

اسم طالب کے اعداد اور اسم اعظم کے اعداد کو جمع کیا:

2523 = 1091+2432

حاصل مجموعہ کو 5 سے ضرب دیا۔

17615 = 5 × 3523

حاصل اعداد کا استنطاق کیا: 5 + 1 + 6 + 7 + 1

عدد 20 حاصل ہوئے۔

ملائکہ کے اعداد بحساب ابجد قمری حاصل کیے۔ 20 ب ی س

با + یا + سین

3 + 11 + 120 = 134 عدد حاصل ہوئے۔

پس غلام رضا عسکری جملہ مقاصد شرعی کو حاصل کرنے کے لیے اسم اعظم الغنی کو 134 مرتبہ پڑھے۔ قادر مطلق انشاء اللہ تمام شرعی حاجات پوری فرمائے گا۔ باناغہ مقررہ جگہ، مقررہ وقت پہ اول و آخر 11۔ 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اسم اعظم کا ورد کرے۔

(2) زندگی کی دشواریوں اور الجھنوں میں پھنس کر جب سوچ سمجھ کام نہ کرے تو وہ شخص صاحب الرائے نہیں رہتا۔ عقل و فہم سے عاری ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اس صورت حال کے پیش نظر خلاق عالم سے مدد طلب کی جائے۔ وہ مسبب الاسباب ہے، آپ کی پریشانی ضرور دور کرے گا۔

عمل: بعد از نماز فجر اور بعد از نماز عشاء اول و آخر 11۔ 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اسمائے اعظم بہ تعداد 1028 مرتبہ مقررہ جگہ، مقررہ وقت پہ باناغہ ورد کرے۔ روزانہ صدقہ رب کریم کی خوشنودی کے لیے دے۔

پہلے دن 11 سائل کو کھانا کھلائے۔ دوسرے دن 12 سائلوں کو کھانا کھلائے، اسی طرح 14 دن عمل کرے اور روزانہ دنوں کی تعداد کے مطابق سائلین کو کھانا بطور صدقہ کھلائے۔ پریشانی کو دور کرنے کے واسطے وظیفہ خاص:

اَلْکَرِیْمُ اَلْوَہَّابُ ذُوالطَّوْلُ

تعداد 1028 مرتبہ بعد فجر اور بعد عشاء۔

(3) برائے جاہ و منصب، عقد اللسان، رفعت، قبول امور، اطاعت خاص و عام، دعاؤں کی قبولیت

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ درج ذیل آیات قرآنی کا جو بھی ورد کرے گا۔ درج بالا مقاصد میں کامیابی حاصل کرے گا۔

عمل: عروج قمری ماہ، نوچندی جمعرات، بعد از نماز فجر ورد کا آغاز کرے۔ اول و آخر 11۔ 11 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ بعد ورد "یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ص وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ"

تعداد ورد عدد کبیر: 3336 مرتبہ تعداد ورد عدد صغیر 66 مرتبہ

وقت اور جگہ نہ بدلے۔

فیوض العملیات

ازتحریر: قسور حسین زیدی

عمل حاضری درویش

یہ حاضری کا ایک نایاب ترین عمل ہے اور خاص بزرگوں کی نوادرات سے ہے۔

ترکیب عمل:

بسم اللہ اللہ اکبر۔ یا اسرار تیرے نام کی ماد کھول دے تالی۔ دے دے دیدار دھرے آجا درویش۔ میرا کام کر جلد جو ما نے تو دہائی ہے محمد کی لاکھ کو بخش یا روح حاضر ہو حاضر ہو حاضر ہو

اول وآخر درود پاک 11۔ 11 بار اس عمل کو 21 دن تک 1100 بار پڑھنا ہے۔ بد پرہیز جمالی رکھیں اور وہ جو شریعت میں ہے۔ اس عمل کی ایک خاص بات یہ ہے کہ اس میں آپ کی نظر بھی کھل جائے گی۔ اس عمل کو چراغ سرسوں کے تیل کا جلائیں، پہلے بزرگ خواب میں نظر آئیں گے، بعد میں سامنے ظاہر ہو جائیں گے۔ اس عمل میں بخور صرف اگربتی کافی ہے۔ عہد و پیمان لے لیں بعد میں اس سے جب بھی کام لیتے رہیں، سائل سے یا خود صدقہ کرتے رہیں، انشاء اللہ آپ کامیاب رہیں گے۔

عمل نمبر 2 (نماز کن فیکون)

حاجتوں کے پورا ہونے کے لیے اور مشکلات کے رفع ہونے کے لیے یہ ایک خاص الخاص عمل ہے، جو سلسلہ چشتیہ میں متواتر چلا آرہا ہے۔ جواہر خمسہ قدیم میں بھی اس کا ذکر ہے۔ یہ اگر صرف اسی ایک عمل پر بھی عمل کر لیں اور اللہ تاثیر پیدا کر دے تو دنیا جہاں کے تمام اعمال سے بے نیاز کر دے گا۔ دعا ہے کہ اللہ تمام لوگوں کو اس عظیم النفع عمل سے فائدہ نصیب فرمادے۔ آمین

بدھ کے دن رات کو غسل کر لیں اور پھر وضو کر لیں، خوشبو وغیرہ لگائیں اور دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھیں۔ اول رکعت سورۃ فاتحہ ایک بار قل ھو اللہ شریف 125 بار۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ 100 بار قل ھو اللہ شریف 1 بار پڑھیں۔ تو چادر یکسوئی سے پڑھیں اور پھر 100 بار یہ الفاظ دہرائیں:

اے دشواریوں کے آسان کرنے والے اور اے تاریکیوں کے روشن کرنے والے

پھر 100 بار استغفار پڑھیں اور پھر درود پاک عاجزی کے ساتھ 100 بار پڑھیں اور پھر حضور دل سے بارگاہ خداوندی میں دعا کریں۔

تیسری رات سر برہنہ ہو کر دامنی آستین تال کر گردن میں ڈالے اور بارگاہ خداوندی میں 50 بار اپنی مشکلات کے بارے میں دعا کرے۔ خواتین دوپٹہ سر پر رکھ کر ہی دعا کریں، دعا قبول ہوگی اور بڑی سے بڑی مشکل آسان ہو جائے گی۔ جب مشکل ختم ہو جائے تو پھر دو نفل شکرانے کے ادا کریں۔

عمل حب خاص الخاص

سورۃ مزمل شریف ہر کام کے لیے مجرب ہے۔ حب کے معاملات میں خاص تاثیر کی حامل ہے۔ عروج ماہ میں جمعرات کے دن چوراستے سے 41 کنکر لے لیں اور ان کو ایک پیالہ میں رکھ لیں۔ رات کو باوضو ہو کر ہر کنکری پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھیں اور یہ کلمات بھی۔

یا خدام ھذہ السورۃ الشریفہ بجلب قلب فلاں بن فلاں العشق والمحبۃ فلاں بن فلاں دائماً ابداً

پھر کنکری پر دم کر دیں۔ اسی طرح 41 کنکریوں پر دم کریں۔ دوران عمل اگربتی جلائیں اور باوضو ہو کر عمل پڑھیں۔ جب عمل مکمل ہو جائے، پھر ان کنکریوں کو مٹی کے برتن میں بند کر کے اس کو تیز آگ کے نیچے دفن کروا دیں۔ رات سے 15 دن کے اندر اس کا اثر ہوگا۔ ایسی تاثیر ہوگی، جو آپ نے بڑے بڑے اعمال میں نہ دیکھی ہوگی۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے آپ سورۃ مزمل شریف کو 3 بار روزانہ معمول بنا لیں تاکہ اس عمل سے آپ کو مکمل فائدہ حاصل ہو سکے گا۔

تسخیر ارواح کا طلسماتی آئینہ

ازتحریر: رمال اویس جعفری، ہارون آباد

محترم قارئین و شائقین! آج کی محفل میں حاضرات ارواح کا زندہ و جاوید عمل لے کر حاضر ہوں۔ اس نادر و نایاب طلسماتی آئینہ میں ہر شخص چاہے نابالغ ہو یا بالغ جب اور جہاں چاہے روحانیات کی پراسرار مخلوق کو حاضر کرکے انتہائی عجیب و غریب اور حیرت انگیز کمالات کا مشاہدہ کرسکتا ہے۔ خفیہ باتوں اور پوشیدہ رازوں کا انکشاف کرسکتا ہے۔ آئینہ کی امداد سے ماضی، حال اور مستقبل کے حالات معلوم کیے جاسکتے ہیں۔ گمشدہ انسان و حیوان کی روح کو حاضر کرکے اس کا پتہ چلایا جاسکتا ہے۔ مقدمات کی فتح و شکست، امتحانات میں کامیابی و ناکامی کے بارے میں قبل از وقت معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ جسمانی و روحانی جملہ اقسام کے امراض کی کامیاب تشخیص کرکے معالج کا نام دریافت کیا جاسکتا ہے۔ سحر و جادو کرنے والے کا نام و پتہ معلوم کرنا، کاروبار کے نامساعد حالات کا پتہ چلانا، ملازمت میں ترقی و تبدیلی، غیر ممالک جانے کے بارے میں جاننا، مدفون خزانوں کا مشاہدہ کرکے جگہ کا تعین کرنا، دور دراز ملکوں کی خبریں معلوم کرنا، پرستان کی حسین دنیا کا نظارہ کرنا، سالہا سال کے مردہ انسانوں، شہداء اور اپنے اسلاف کی روحوں سے ملاقات کرکے دنیاء عالم برزخ کے پوشیدہ حالات کو معلوم کرنا، ایسے جنسی حالات و واقعات جن کا تصور خواب کی دنیا میں ابھی ناممکن ہو، اس آئینہ میں روحانیات کی مدد سے دیکھے اور معلوم کیے جاسکتے ہیں۔

طلسماتی آئینہ سے مراد کسی قسم کا کوئی خاص آلہ نہیں بلکہ ایک عمدہ، صاف و شفاف آئینہ حاصل کرکے اس کے عین وسط میں سیاہی سے ایک دائرہ بنائیں اور اس پر خوشبودار عطر گلاب لگائیں۔ طلسماتی آئینہ تیار ہے۔ عمل کے لیے آئینہ کو میز پر اپنے سامنے رکھیں یا دیوار پر آویزاں کرلیں اور کامل اعتماد اور یکسوئی کے ساتھ آگے دی گئی عبارت کو بلاتعین تعداد اس قدر تلاوت کریں کہ آئینہ کا سیاہ نشان دھندلا ہوکر میدان سا نظر آنے لگے گا۔

جب یہ صورت پیدا ہوجائے تو اس وقت میدان کی طرف بغور پلک جھپکائے بغیر دیکھتے رہیں۔ چند لمحے بعد میدان میں آندھی، طوفان اور بارش کے مناظر پیدا ہوتے ہیں اور اس کے فوراً بعد میدان میں فرش بچھا نظر آتا ہے اور فرش پر تخت شاہی آراستہ ہوجاتا ہے، جس پر دنیائے روحانیات کے تاجدار "حضرت شیخ قطب شاہ اولیا" کی روح پاک حاضر ہوتی ہے۔ جن سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے متعلق معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا صَاحِبُ الْعِزِّيسِ وَالطَّوِّيسِ مُرْسِلُ الرَّحْمَةِ وَمُعْطِي الْمَنَاهِجِ عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا صَاحِبُ الْبَحْرِ وَالْقَوِّيسِ سَائِرُ الْكَرَامَةِ وَمُحِيطُ الْمَعَارِجِ بِحَقِّ عَلِيَنُو طَوِيَنِيفْ سَلْجُو حَمَنِيشْ هَجْلِيَنِيشْ طَزْطَزْ فَمَاشْ أَجِبْ دَعْوَتِي يَا قُدَّايِسْ قُدُّوِيسْ رَبُّ الْمَلَئِكَةِ وَالرُّوحِ عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا صَاحِبُ الْعَصْرِ وَالصَّوَابِ نَاصِرُ الْمِيزَانِ وَالْمَتِيْنِ يَا هَادِيَنِيشْ زَمَانُوشْ بِحَقِّ شَهِدَ اللهُ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَئِكَةُ وَأُولُوا الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ۝

تسخیر ارواح کے طلسماتی آئینہ کا مجرب بالا عمل اعمال اکبر کے سلسلے کے

عملیات میں سے ایک ایسا عمل ہے جو سریع الاثر اور موثر ہونے کے اعتبار سے عجیب و غریب حقائق کا حامل ہے، جس طرح باقی عملیات و اوراد کے لیے ادائے زکوٰۃ کی شرط شرط اولین ہے۔ اس طرح یہ عمل بھی فوائد و نتائج کے لیے اپنی متعلقہ شرائط کی ادائیگی کی بجا آوری کا تقاضا کرتا ہے۔ چنانچہ ترکیب عمل کے مطابق مروج ماہ کے نوچندے دنوں میں سے کسی سعید دن سے اس عمل کو اس طرح سے شروع کریں کہ ایک چلہ تک مکمل کرے کہ نصف شب کے وقت مغرب کی طرف رخ کر کے کھڑا ہو جائے اور عبارت مذکورہ کو تین سو تین مرتبہ پڑھ کر عمل کے مقام پر ہی سو جایا کرے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد عمل قابو میں آ جائے گا۔ عمل کے بعد بھی عمل پر مداومت کرتا رہے تاکہ عمل کی قوت و تاثیر برقرار رہے، عمل کی تسخیر کے بعد جب بھی عمل کی مندرجہ ذیل شرائط کے ساتھ عمل کو بجا لائے۔ عمل کے طلسماتی و روحانی نتائج و اثرات کا مشاہدہ کر سکے گا۔

قارئین کرام! اس حقیقت کو لوح دل پر رقم کر لیں کہ جب تک کوئی عامل عملیاتی اصول و قواعد کا پابند نہیں بن سکتا۔ اس وقت تک اس کے لیے کوئی بھی عمل نہ تو نفع بخش ثابت ہو سکتا ہے اور نہ ہی وہ ماہر و کامل ہونے کا دعویدار بن سکتا ہے۔ راقم السطور کے نزدیک ایک عامل کے لیے طہارت ظاہری و باطنی کا پابند ہونا عملیاتی شرائط و آداب میں سے سب سے اہم ترین شرط ہے اور اس شرط پر صرف اور صرف ایک ایسا عامل ہی کاربند ہو سکتا ہے جو خدائے بزرگ و برتر کی یکتائی و شہنشاہی پر صمیم قلب سے یقین کامل رکھتا ہو۔

کرشمات صدری عملیات

حرز جان بطفیل پنجتن پاک

از تحریر: زوار ملک نیر عباس علوی، لاہور

یا اللہ یا محمد یا علی یا فاطمۃ الزھرا
اجب یا جبرائیل بحق یا اللہ

ناد علیاً	یا محمد	وشھر	العوائب
سیمجعل	ل	مظھر	بنوتلک
لک	کل	یا علی	العجائب
بولایتک	تجدہ	عونا	ھم

الٰہی صاحب نقش کی جان و مال کی حفاظت فرما
یا صاحب العصر والزمان ادرکنی ولا تھلکنی

فوائد: یہ نقش جان و مال کی حفاظت کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ جو شخص مخصوص اوقات میں باطہارت اس کو زعفرانی پانی سے صدقہ و خیرات دے کر اور مکس مٹھائی حسب استطاعت بچوں میں بانٹ کر تحریر کرے "دعائے حرز جاں" صرف 11 بار پڑھ کر دم کرکے چاندی کے خول میں مڑوا کر پہن لے گا۔ انشاء اللہ بطفیل چہاردہ معصومینؑ کے اس کی جان و مال، عزت و آبرو کی حفاظت ہوگی اور اس دور ابتلا میں حادثات، دہشت گردی، ہارٹ اٹیک، بلڈ پریشر یا شوگر جیسے موذی امراض کے ہاتھوں اچانک موت نہ ہوگی، بلکہ مومنین کو اپنی موت کا قبل از وقت اندازہ ہو جاتا ہے اور وہ وصیت کر لیتے ہیں۔

دعائے حرز جاں: اول و آخر 3 بار درود محمدیؐ پڑھیں اور 3 بار یہ حرز پڑھ کر خود پر دم کر کے گھر سے نکلیں۔

یا اللہ یا محمدؐ یا علیؑ یا فاطمۃ الزھراؑ یا حسنؑ یا حسینؑ یا صاحب العصر و الزمانؑ ادرکنی ولا تھلکنی بحق جدۃ فاطمۃ الزھراؑ

اسے اپنی زندگی کا معمول بنالیں، بہت فائدہ ہوگا۔

نیاز عمل: سوا کلو مکس مٹھائی پر نیاز پنجتن پاک دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔

صدقہ: حسب استطاعت سوا کلو گوشت لے کر چاول اور دال دھیاں کا صدقہ دیں۔

ورد: پہلے دن 14 بار دعا نقش پر دم کریں، پھر روزانہ 5 بار پڑھا کریں۔

نوٹ: اس دعا کے بے شمار فوائد ہیں، جو اپنے وقت پر ظاہر ہوں گے، خلوص نیت سے پڑھیں۔

از تحریر: حکیم صوفی غلام سرور شباب قادری، حویلی لکھا

مختلف قسم کے سحر جادو سے پیدا شدہ مسائل اور ان کا حل

سحر الخمول

کمزوری، سستی اور کاہلی پیدا کرنے کا جادو

اس جادو سے جوڑوں کا درد، کمزوری اور سستی و کاہلی پیدا کی جاتی ہے اور مسحور میں مندرجہ ذیل علامات پائی جاتی ہیں۔

جادوئی علامات

(1) مسحور زدہ خلوت اور تنہائی پسند ہو جاتا ہے۔ اپنے گھر والوں اور دیگر لوگوں سے ملنا جلنا بند کر دیتا ہے۔ (2) ہر وقت اپنے خیالات میں ہی مگن رہنا اور ان میں عجیب و غریب خیالات کا آنا۔ (3) ہمیشہ سست اور بے حس پڑے رہنا، کسی سے بات چیت نہ کرنا۔ (4) مسحور کے بدن اور جوڑوں نیز سر میں اکثر درد ہوتا رہتا ہے۔ (5) کند ذہن ہو جانا اور لوگوں کے ہجوم سے دور رہنا۔

علاج سحر الخمول

(1) سحر الخمول کے مریض کو یہ نقش دیں کہ وہ عرق گلاب کی بڑی بوتل میں اسے ڈال دے اور روزانہ صبح و شام اس سے دو، دو گھونٹ عرق پی لیا کرے۔ چالیس یوم تک مسلسل ایسا ہی کرے، نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَةَ

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَةَ

طَرَقَ سَمْعَكَ النَّصِيْحَةَ

(2) اور یہ نقش کسی موٹی کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے تحریر کر کے مسحور کو دیں کہ وہ کسی کھلے منہ والے برتن میں نقش کو رکھ کر اس میں ایک پاؤ شہد ڈال دے اور اس سے صبح و شام ایک ایک چمچ شہد کھا لیا کرے۔ ایک ہفتہ بعد اس شہد میں ایسا ہی ایک اور نقش ڈال دیا جائے۔ اسی طرح ہر ہفتہ ایک نیا نقش ڈال دیا جائے اور چھ (6) ہفتے مسلسل استعمال میں لایا جائے۔ اگر شہد کم ہو جائے تو حسب ضرورت اور شامل کر لیا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام سحری اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

يَا حَيُّ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ يَا حَيُّ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ

مسحور کے لیے ضروری ہے کہ وہ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ لاتعداد ورد کرتا رہے۔ خاص طور پر رات کو سوتے وقت اور صبح بیدار ہوتے ہی اور نماز فجر کے بعد ایک تسبیح یہ کلمہ پڑھے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

سحر الهواتف

غیبی آوازوں کے ذریعہ پریشان کرنے کا جادو

اس جادو کے ذریعے غیبی طور پر جادو کے عمل سے مسحور کی طرف ارواح بھیجی جاتی ہیں، جو عامل کے مقصد کے مطابق مطلوبہ شخص پر اثرات پیدا کرتی ہیں۔ جادو کرنے والے ہواتف سے ہر طرح کے مقاصد پورے کرواتے ہیں۔ عام طور پر مسحور میں مندرجہ ذیل علامات پائی جاتی ہیں۔

جادوئی علامات

(1) پریشان، خوفناک اور ڈراؤنے خوابوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ (2) خواب میں دیکھنا کہ کوئی شخص اسے بلا رہا ہے۔ (3) حالت بیداری میں آوازیں سنائی دیں جیسے کوئی باتیں کر رہا ہے مگر بولنے والا نظر نہ آئے یا قدموں کی آہٹ محسوس ہو جیسے قریب سے کوئی گزر رہا ہو۔ (4) بہت زیادہ وسوسے آنا، کبھی اپنے بدن پر کسی کا لمس محسوس کرنا۔ (5) اپنے دوست احباب کے بارے میں زیادہ شکوک و شبہات میں مبتلا ہونا۔ (6) خواب میں دیکھنا کہ جیسے وہ کسی اونچی جگہ سے گزر رہا ہے۔ (7) خواب میں ایسے حیوانات نظر آئیں

جو اس کے پیچھے بھاگ رہے ہوں۔ (8) سحر الھواتف اگر قدیم ہو جائے تو یہ سحر الجنون میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

علاج سحر الھواتف

(1) سحر الھواتف کے مسحور کے لیے ضروری ہے کہ وہ روزانہ رات کو سوتے وقت یہ دعا پڑھا کرے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَضَعْتُ جَنْبِیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاَخْسِئْ شَیْطَانِیْ وَفُكَّ رِهَانِیْ وَاجْعَلْنِیْ فِی النَّدِیِّ الْاَعْلٰی

اس کے بعد سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھے اور اسے اپنا معمول بنالے۔

(2) سحر الھواتف کے مریض کو یہ نقش تحریر کرکے دیں کہ وہ اسے اپنے پاس رکھے، گلے میں ڈالے یا بازو پہ باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سحر الھواتف کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ	تَوَكَّلْتُ وَهُوَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ	تَوَكَّلْتُ وَهُوَ	اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ	حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ	حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ	تَوَكَّلْتُ وَهُوَ
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ	حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ

قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

(3) سحر الھواتف کے مریض کے علاج کے لیے سورۃ جن کا یہ نقش بھی بڑا مفید ہے۔ اسے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں، نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۵۸۷۱	۱۵۸۸۵	۱۵۸۸۱	۱۵۸۷۸
۱۵۸۸۲	۱۸۵۷۷	۱۵۸۷۲	۱۵۸۸۴
۱۵۸۷۶	۱۵۸۷۹	۱۵۸۸۷	۱۵۸۷۳
۱۵۸۸۶	۱۵۸۷۴	۱۵۸۷۵	:۵۸۸۰

سحر المرض

مختلف بیماریوں میں مبتلا کرنے کا جادو

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس جادو سے سفلی عامل لوگوں کو مختلف بیماریوں میں مبتلا کرتا ہے۔

طریقہ سحر

اس مقصد کے لیے سفلی عامل مطلوبہ فرد کا پتلا بنا کر اس کے کسی عضو میں جادو کا عمل پڑھ کر لوہے کی کیل یا کانٹے لگا دیتا ہے۔ پھر اس کو کسی قبرستان یا ویران جگہ یا آگ کے قریب دفن کر دیتا ہے تو دشمن کے اس عضو میں بیماری پیدا ہو جاتی ہے جہاں جادو کا عمل کیا جاتا ہے اور بعض اوقات کسی کو بیمار کرنے کی غرض سے اسے کسی کھانے پینے والی چیز میں جادو کا عمل کھلا دیا جاتا ہے اور کھانے والا بیمار ہو جاتا ہے اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جادو کرنے والا کسی شیطان یا ارواح خبیثہ کو مسلط کر دیتا ہے اور وہ مطلوبہ شخص کو بیماریوں میں مبتلا کر دیتی ہیں۔ پھر جادو اس قسم کے بھی ہوتے ہیں کہ اگر علاج کیا جائے تو مریض بیماری کی شدت سے چل بستا ہے۔ سحر المرض اگر قدیم ہو جائے تو وہ سحر الجنون میں بھی تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس جادو سے جادوگر لوگوں کو بے شمار مختلف بیماریوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔

سحر علامات

(1) مسحور مرد یا عورت کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ وہ کسی جسمانی علاج سے صحت یاب نہیں ہوتے، ادویات اثر نہیں کرتیں، بلکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جسمانی علاج کروانے سے مرض میں شدت پیدا ہو جاتی ہے۔

(2) جسم کے کسی حصے میں مستقل درد ہونا (3) بے ہوشی کے دورے پڑنا یا مرگی کی شکایت ہونا (4) جسم کے کسی خاص حصے کا بے حس و حرکت ہو جانا (5) حواس خمسہ میں سے کسی ایک کا ناکام ہو جاتا ہے۔ (6) پورے جسم میں دردوں کا ہونا (7) پیٹ خراب رہنا (8) جسمانی علاج یعنی ادویات سے صحت یاب نہ ہونا

علاج سحر المرض

سحر المرض کے مریض کے لیے مندرجہ ذیل نقش تحریر کریں اور مریض سحور کے گلے میں ڈال دیں اور ایسے ہی ایک نقش زعفران وگلاب کی روشنائی سے تحریر کرکے مریض کو پینے کے لیے دیں۔ ایک تعویذ عرق گلاب میں ڈال دیں اور روزانہ صبح وشام اس سے دو دو گھونٹ پی لیا کریں۔ ایک ہفتے بعد نیا تعویذ عرق میں ڈال دے۔ اس طرح ہر ہفتے نیا تعویذ ڈالے اور چھ ہفتے تک مسلسل استعمال کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ شفا ہوگی نقش مبارک یہ ہے:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۶	۹۹۸۱۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۴
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۱	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۸

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ
اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ
بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ

(2) یہ نقش سحر المرض کے لیے حسب استعمال کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ سحر سے نجات ملے اور ہر مرض سے شفا ملے گی نقش اگلے صفحہ پر فرمائیں۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ
لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآؤُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۶۶۸۴	۶۶۸۸	۶۶۹۱	۶۶۷۷
۶۶۹۰	۶۶۷۸	۶۶۸۳	۶۶۸۸
۶۶۷۹	۶۶۹۳	۶۶۸۵	۶۶۸۲
۶۶۸۶	۶۶۸۱	۶۶۸۰	۶۶۹۲

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ
اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ
بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ

ہر مرض سے نجات

ہر مرض جو سحر کی وجہ سے ہو اس کے لیے مندرجہ ذیل نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے تحریر کریں اور عرق گلاب کی بڑی بوتل میں ڈال دیں تاکہ پورا اکیس یوم تک صبح وشام روزانہ دو دو گھونٹ پی لیا کرے۔ انشاءاللہ ہر مرض سے شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ر	د	ا	ق	ال
ا	ق	ال	ر	د
ال	ر	د	ا	ق
د	ا	ق	ال	ر
ق	ال	ر	د	ا

تَقَدَّسَ كُوْكِبِيْ بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَّبَهْجَةً ۔ مَدَى الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَا نُوْرُ جَلْجَلَتْ
تَقَدَّسَ كُوْكِبِيْ بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَّبَهْجَةً ۔ مَدَى الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَا نُوْرُ جَلْجَلَتْ
تَقَدَّسَ كُوْكِبِيْ بِالْاِسْمِ نُوْرًا وَّبَهْجَةً ۔ مَدَى الدَّهْرِ وَالْاَيَّامِ يَا نُوْرُ جَلْجَلَتْ

جان لیوا جادو سے نجات

اگر کسی شخص پر جادو کر دیا گیا ہو اور وہ سحر کی وجہ سے مختلف امراض میں مبتلا ہو چکا ہو، ادویات بے اثر ہو چکی ہوں اور جان کی ہلاکت کا خوف ہو، ایسے مریض سحور کے لیے نقش دو عدد تحریر کریں۔ ایک نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرا نقش عرق گلاب کی بوتل میں ڈال دیں تاکہ مریض صبح وشام عرق پیتا رہے۔ اکیس روز تک مسلسل پینا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے سحر جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور مریض صحت یاب ہو جائے گا نقش یہ ہے:

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى
فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۸۴۶	۸۴۹	۸۵۲	۸۳۹
۸۵۱	۸۴۰	۸۴۵	۸۵۰
۸۴۱	۸۵۴	۸۴۷	۸۴۴
۸۴۸	۸۴۳	۸۴۲	۸۵۳

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ

سحر النزیف

خونِ حیض جاری کرنے کا جادو

سحر النزیف بے شک خونِ حیض جاری کرنے کے لیے مشہور ہے مگر اس جادو سے سلی ماسل بواسیر کا خون، سل دق کا خون اور دشمن کے مختلف اعضاء سے خون جاری کرتے ہیں۔ اس جادو سے خون کی قے بھی جاری ہو جاتی ہے۔ حتیٰ کہ تمام خونی امراض اسی جادو سے جادو کرنے والے پیدا کر لیتے ہیں۔

طریقِ سحر

گو کہ یہ جادو صرف عورتوں کے لیے مخصوص ہے مگر جادو کرنے والے اس سے عجیب و غریب کام لیتے ہیں۔ خونِ استحاضہ جاری کرنے کے لیے جادو کرنے والا ایک لیموں اور سیہہ جانور کا کانٹا لے کر جادو کا عمل پڑھ کر لیموں میں گاڑ دیتا ہے، جب تک کانٹا لیموں میں رہتا ہے، خون جاری رہتا ہے۔ بعض اوقات جادوگر سحر المرض اور سحر الھواتف سے بھی ایسے کام لیتے ہیں اور بعض اوقات کسی شیطان جن یا ارواح خبیثہ کو اس مقصد کے لیے استعمال کرتا ہے۔

علامات

(1) اس جادو کی علامات ظاہر ہیں عورتوں کا خونِ حیض جاری ہو جاتا ہے اور جسمانی علاج یعنی ادویات سے بند نہیں ہوتا۔ (2) جسم کے کسی عضو سے خون جاری ہو جاتا ہے اور وقفہ وقفہ سے جاری رہتا ہے۔

علاج سحر النزیف

اگر کسی عورت کا خونِ حیض سحر النزیف کی وجہ سے جاری ہو اور بند نہ ہو تو مندرجہ ذیل عمل کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ تین سو جامن کے پتے لے کر ہر ایک پر نقش تحریر کریں اور ایک پتہ صبح ایک شام پانی میں جوش دے کر مریضہ کو پلا دیں۔ اسی طرح تین یوم کریں اور ایک نقش کاغذ پر تحریر کر کے مریضہ کو دیں تاکہ وہ تعویذ کو اپنی کمر میں باندھے تاکہ تعویذ مریضہ کے ناف کے مقام پر رہے۔ ان شاء اللہ خون بند ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے:

یَا قَابِضُ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَا قَابِضُ

۶۹۵	۶۹۸	۷۰۱	۶۸۸
۷۰۰	۶۸۹	۶۹۴	۶۹۹
۶۹۰	۷۰۳	۶۹۶	۶۹۳
۶۹۷	۶۹۲	۶۹۱	۷۰۲

یا قابض اقبض هذا الدم الجاری من الرحم بعظمتک یا قابض

زیادتی حیض

اگر کوئی عورت زیادتی حیض سے پریشان ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل عمل کیا جائے۔ ذیل کے نقش کو چار مرتبہ سفید کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے تحریر کریں۔ اب عورت کے قد کے مطابق سات سفید دھاگے لے کر اس پر سات گرہ لگائیں۔ تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر ایک گرہ لگائیں کہ گرہ کے دائرہ میں دم کریں۔ پھر اس دھاگہ میں ایک نقش باندھ کر عورت کو دیں تاکہ وہ اسے اپنی کمر سے اس طرح باندھے کہ نقش پیٹ پر رہے اور باقی تین نقوش میں سے ایک ایک نقش عرقِ گلاب کی بوتل میں ڈال کر سات سات گھونٹ صبح و شام پیتی رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات مل جائے گی۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

یَا قَابِضُ الَّذِیْ بِحَقِّیْ یَا قَابِضُ بستم زیادتی حیض فلاں بنت فلاں یَا قَابِضُ

کب آپ نیا رزق تلاش کریں

از تحریر: سید محمد علی زنجانی

نیا روزگار، نیا بزنس یا پھر نئی نوکری حاصل کرنا ایک بھاری عمل ہو سکتا ہے۔ یہاں تک کہ جو ملازمت ایک عرصے سے کر رہے ہیں، اس سے آپ کو نفرت ہو جائے اور آپ کچھ اور تلاش کرنے کے لیے بے تاب ہوں۔ علم نجوم کی روشنی میں کچھ ایسے مبارک اوقات آتے ہیں کہ اس میں نوکری باآسانی تلاش کی جا سکتی ہے۔

سب سے آسان اشارہ ہمیں سیارہ مریخ دیتا ہے۔ زائچے کے جس گھر سے سیارہ مریخ گزر رہا ہو، اسے توانائی کی ایک لہر دیتا ہے اور آپ اس کے دیگر شعبہ ہائے زندگی پر زیادہ توجہ دیتے ہیں۔ اگر مریخ زائچے کے دوسرے گھر سے گزر رہا ہے جو آپ کا خاص مال ہے تو آپ کو مزید پیسہ کمانے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اگر مریخ آپ کے کیریئر کے دسویں گھر سے گزر رہا ہو، اس وقت ایسے کام یا بزنس کی تلاش کریں، جس کی آپ کو خواہش ہو اور اپنے کیریئر کے تحت مقاصد کے حصول میں مدد ملے گی۔

روایتی طور پر نئی نوکری تلاش کرنے کا بہترین وقت وہ ہوتا ہے جب مریخ چھٹے گھر سے گزر رہا ہو۔ کیونکہ چھٹا گھر عمومی طور پر آپ کے کام کو دیکھتا ہے، یہ وہ وقت ہوتا ہے جب آپ کے اندر نیا کام کرنے کی توانائی زیادہ ہوتی ہے۔

اگر کوئی سست سیارہ چھٹے گھر سے گزر رہا ہو یہ آپ کی تلاش میں مدد اور رکاوٹ بھی پیدا کر سکتا ہے۔ مشتری کے چھٹے گھر میں ہونے سے آپ کے لیے کام کے بہترین مواقع پیدا ہو سکتے ہیں۔ زحل کی چھٹے گھر میں موجودگی رکاوٹ پیدا کر سکتی ہے۔ خاص طور پر جب آپ ذمہ دار ہوں اور اپنی فطرت سے ہٹ کر کام کر رہے ہوں۔ یورانس کی چھٹے گھر میں موجودگی کام کے مواقع اچانک اور غیر متوقع طور پر بناتا ہے اور عام طور پر آپ بے چینی محسوس کرتے ہیں اور کام کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ نیپچون کی چھٹے گھر میں موجودگی آپ کو آپ کی ملازمت کی تلاش پر توجہ دینے اور عام طور پر کام کرنے کے لیے تحمل پیدا کرتی ہے۔ اگر آپ فنون لطیفہ اور مابعد الطبیعاتی کے ساتھ کام کرتے ہیں تو یہ اچھی بات ہے۔

پلوٹو کی چھٹے گھر میں موجودگی آپ میں کام کرنے کی صلاحیت اور طاقت پیدا کرتا ہے اور آپ مزید مستقل مزاجی سے کام کرتے ہیں۔

چھوٹی تبدیلیاں تب پیدا ہوتی ہیں جب کوئی سیارہ چھٹے گھر میں رجعت پذیر ہو خاص طور پر عطارد۔ نیا کام تلاش کرنا مشکل ہو جاتا ہے اور ایک کے بعد دوسری مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے جب آپ نئی نوکری تلاش کریں تو آپ کو رجعت پذیری ختم ہونے کے بعد نئی نوکری پر افسوس ہوگا۔ سیاروں کی رجعت میں سابقہ نوکری یا سابقہ ایمپلائر کے لیے کام کرنا اچھا ہے یا جو کام آپ کر رہے ہیں، اسی کو کرتے رہیں، اس میں تبدیلی کا دور ہوگا۔ مطلب آپ واپسی چاہتے ہیں تو سیاروں کی رجعت بہترین مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔

چھٹے گھر کا مالک سیارہ بھی چیزوں میں گرم جوشی لا سکتا ہے۔ تدریس اور تشخیص بھی آپ کے لیے کام کی تلاش میں آسانیاں پیدا کرتی ہے۔ ترجیح اور مقابلہ کی نظر خارجی اور داخلی ورکشاپ چیلنجوں پر قابو پاتی ہے۔

مشتری کے قران سے بہترین مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ زحل کے قران سے کام کے تمام مواقع ختم ہو گئے ہیں۔ یورانس کے قران سے اچانک مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ نیپچون کا قران آپ کی توجہ مختلف جگہوں پر مرکوز کرتا ہے اور آپ پلوٹو کا قران سب بہترین مواقع پیدا کرتا ہے۔ اب نیا اور مکمل قمری گرہن بھی آپ کی نئی نوکری کی تلاش میں مدد کر سکتے ہیں۔ زائچے کے دوسرے، چھٹے اور دسویں گھر میں اگر نیا قمر اور مکمل قمری گرہن ہے یا ان تین گھروں کے حاکم سیارے قران، تدریس اور تشخیص بنا رہے ہوں تو آپ کے لیے نئی نوکری کی تلاش میں آسانیاں پیدا ہوں گی۔

نوٹ: قارئین مناسب رہے گا اگر آپ اپنے انفرادی زائچہ سے مزید بہتر رہنمائی میں مزید معلومات رابطہ نمبر 0300-4135822 آسٹرالوجی علی زنجانی

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

شفاء بالنجوم

زیر تحریر ایک نئی کتاب "تشخیص امراض و علاج بالنجوم" سے ایک باب

ایک طویل عرصے سے یہ ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ علم نجوم کی شاخ میڈیکل ایسٹرولوجی کے حوالے سے اردو زبان میں کوئی ایسی کتاب پیش کی جائے جو عام فہم اور سادہ زبان میں ہو۔ جب ہماری کتابیں "پیش گوئی کا فن" اور "ایک جہان حیرت" مکمل ہو گئیں تو ایک نشست کے دوران میں محترم شاہ زنجانی صاحب سے میڈیکل ایسٹرولوجی کا موضوع بھی زیر بحث آیا، اس موضوع پر ادارے کے بانی حضرت سید ناصر حسن شاہ زنجانی کی مایہ ناز تصنیف "علاج بالنجوم" بھی موجود ہے مگر ضرورت یہ محسوس ہوئی کہ گزشتہ 25, 20 سال کے عرصے میں ایسٹرولوجی کے بہت سے جدید رجحانات اور مزید تحقیقات منظر عام پر آئی ہیں لیکن اردو زبان کے قارئین اس سے محروم ہیں لہٰذا میڈیکل ایسٹرولوجی کے موضوع پر ایک نئی کتاب جو تشخیص امراض میں معاون ثابت ہو سکے اور علاج معالجے کے نجومی اصول و قواعد پر بھی روشنی ڈال سکے، ضرور لکھی جائے بقول حضرت شاہ زنجانی "آپ تو ڈاکٹر بھی ہیں، اس موضوع پر زیادہ بہتر طور سے کام کر سکتے ہیں"۔

مختصر ان سن از یر نظر مضمون ہماری نئی آنے والی کتاب "امراض و علاج بالنجوم" کا ایک باب ہے، گر قبول افتد زہے عزو شرف۔ بشرط صحت و زندگی یہ کتاب انشاءاللہ اسی سال کے آخر تک شائع ہو جائے گی۔

امراض و اعضائے بدن

دائرۃ البروج کے بارہ برجوں سے متعلق بیماریوں اور جسمانی اعضا کی تفصیل سے آگاہی ضروری ہے، اس کے بغیر کسی بھی زائچے میں بیماریوں کا سراغ لگانا ممکن نہیں ہوگا، اسی طرح سیاروں سے متعلق اور زائچے کے بارہ گھروں سے متعلق تفصیلات سے آگاہی بھی ضروری ہے۔

1- حمل: یہ ایک خشک ناک آتشی برج ہے جس پر مریخ کی حکمرانی ہے جو توانائی کا نمائندہ ہے۔

یہ برج سر (کھوپڑی اور ماتھا) اور دماغ پر حکمرانی کرتا ہے نیز خلط (صفرا) سے اس کا تعلق ہے اور اس برج کے تحت پیدا ہونے والے لوگ صفرا کے فعل کی خرابی سے پیدا ہونے والے عوارض کا شکار ہوتے ہیں۔

اگر مریخ اور عطارد زائچے میں مضبوط ہوں تو حمل والے اچھی صحت سے لطف اندوز ہوتے ہیں ورنہ ان کا جسم لاغر ہوگا اور وہ گنجا، سر کے درد، ذہنی تناؤ، بخار، خشک مزاجی، بے خوابی، ناسور، خون سے پیدا ہونے والے عوارض، صفراوی عوارض، قبض، سوزش، گھبراہٹ کا شکار ہوں گے۔

2- ثور: یہ ایک خاکی برج ہے جس پر زہرہ کی حکمرانی ہے۔

یہ برج چہرے اور اس کے اعضاء (ناک، حلق، منہ، دانت اور آنکھوں)، گردن، گردوں، غدود اور ہڈیوں، چھوٹے دماغ اور چہرے کی ہڈیوں پر حکومت کرتا ہے، اس کی حکمرانی باد (تیزابیت) پر ہے، اس برج کے تحت پیدا ہونے والے لوگ تیزابیت سے پیدا ہونے والے عوارض میں مبتلا ہوتے ہیں۔

اگر زہرہ چھٹے گھر کے حاکم کی حیثیت سے مضبوط ہو تو ثور حضرات اچھی صحت کے حامل ہوتے ہیں ورنہ ان کا جسم لاغر ہوتا ہے، ان کا نظام ہضم خراب ہوتا ہے اور وہ قبض، تیزابیت، حلق کی تکالیف، آنکھوں، دانت وغیرہ کے درد اور عام طور سے کمزور وریدوں (رگوں) کے نظام سے پیدا ہونے والے عوارض میں مبتلا ہوتے ہیں نیز حد سے زیادہ عیاشی بھی صحت کی خرابی کا ایک سبب ہو سکتی ہے۔

3- جوزا: یہ ایک خشک ہوائی برج ہے جس پر عطارد کی حکمرانی ہے۔

یہ برج کانوں، گردن کے نچلے حصے، ہنسلی، بازوؤں، ہاتھوں، سانس کی نالی، نروس سسٹم، کندھوں اور گردن کی ہڈیوں اور ہاتھوں کی ہڈیوں پر حکومت کرتا ہے۔

یہ برج صفرا، بادی اور بلغم پر حکومت کرتا ہے اور اس برج کے تحت پیدا ہونے والے صفرا، باد اور بلغم کا توازن بگڑنے کے سبب پیدا ہونے والے

عوارض میں مبتلا ہوتے ہیں چونکہ جوزا طالع کی صورت میں طالع اور چھٹا گھر دونوں ہی سول (ذوجسدین) برج کے حامل نہیں ہوتے لہٰذا توانائی کے نمائندے شمس کو جوزا والوں کی صحت کا اولین تعین کنندہ سمجھا جاتا ہے۔

اگر شمس مضبوط ہو تو ان لوگوں کی صحت اچھی ہوگی ورنہ جوزا لوگ لاغر جسم کے مالک ہوں گے اور فاسد مادوں، دانت کے درد، پھیپھڑوں کی خرابی، سر کے درد، سینے کے جکڑے جانے، سانس کی نالی کے عوارض، دمہ، نروس سسٹم یا اعصابی نظام کے غیر متوازن ہونے، ڈپریشن کی صورت میں جلدی خارش، ہکلاہٹ، شانوں کے درد وغیرہ میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

4-سرطان: یہ آبی برج ہے۔ عام طور سے کمزور سمجھا جاتا ہے اس پر چاند کی حکمرانی ہے۔

یہ برج پھیپھڑوں کے علاوہ سینے، دل، پھیپھڑوں اور پستانوں پر حکومت کرتا ہے۔ اس برج کی حکمرانی بلغم پر ہے اور اس برج کے تحت پیدا ہونے والے لوگ جسم میں بلغم کا توازن بگڑ جانے کی صورت میں پیدا ہونے والے عوارض میں مبتلا ہوتے ہیں۔

اگر قمر اور مشتری مضبوط ہوں تو سرطان والوں کی صحت اچھی ہوگی ورنہ ان کا جسم لاغر ہوگا ان کا ظاہری حلیہ بھی کوئی اچھا تاثر نہیں چھوڑے گا اور ایسے لوگ ذہنی عوارض، جسمانی طور پر سینے کی تکالیف، پستان کے عوارض، دل کی بیماری، شکم کے اوپر کے حصے میں شکایات، بلغمی عوارض، یرقان اور جگر کے دیگر عوارض میں مبتلا ہوں گے۔

5-اسد: یہ بہت ہی منضبط آتشی برج ہے۔ جس پر شمس کی حکمرانی ہے۔

یہ برج بالائی شکم، پیٹ، ریڑھ، حرام مغز، دل، جگر، تلی، پتا کی نالیوں پر حکومت کرتا ہے۔ صفرا پر بھی اس کی حکمرانی ہے اور اس برج کے تحت پیدا ہونے والے صفراوی فصل کی خرابی سے پیدا ہونے والے عوارض کا شکار ہوتے ہیں۔

اگر شمس مضبوط ہو تو اسد والے بہت اچھی صحت کے مالک ہوں گے ورنہ دل، ریڑھ کی ہڈیوں، تلی، معدہ، جگر، پیٹ، کمزور نظام ہضم، بخار وغیرہ کی شکایات میں مبتلا ہوں گے ان میں استقامت اور قوت ارادی کی کمی ہوگی۔

6-سنبلہ: یہ خاکی برج ہے جس پر عطارد کی حکومت ہے جو اعصابی نظام کا حاکم ہے۔

یہ برج کمر، پیٹ کے علاوہ صفراوی علاقے، نروس سسٹم، چھوٹی آنت، بڑی آنت کے بالائی حصے، اپینڈکس اور گردوں پر حکومت کرتا ہے۔ یہ برج باد (تیزابیت) پر حکومت کرتا ہے اور اس برج کے تحت پیدا ہونے والے تیزابیت کے نتیجے میں پیدا ہونے والے عوارض کا شکار ہوتے ہیں۔ اگر عطارد اور زحل مضبوط ہوں تو سنبلہ والے اچھی صحت سے لطف اندوز ہوتے ہیں ورنہ یہ مراقی ہو جاتے ہیں اور حد سے زیادہ تھکن اور نروس بریک ڈاؤن، اپینڈکس، قبض وغیرہ کا شکار رہتے ہیں۔

7-میزان: یہ ہوائی برج ہے۔ جس پر زہرہ کی حکومت ہے۔

یہ برج کمر کے علاوہ اور کمر کی ہڈیوں، کھال، بڑی آنت کے نچلے حصے، مثانہ اور اندرونی جنسی اعضا جیسے رحم، خصیوں، غدہ قدامیہ (پروسٹیٹ گلینڈ) پر حکومت کرتا ہے۔ اس پر صفرا، باد اور بلغم کی حکمرانی ہے اور اس برج کے تحت پیدا ہونے والے بلغم، تیزابیت اور صفرا کے امتزاج میں گڑبڑ ہونے کی وجہ سے پیدا ہونے والے عوارض کا شکار رہتے ہیں۔ اگر زہرہ مضبوط ہو تو میزان والوں کی صحت اچھی ہوگی ورنہ وہ اس برج سے وابستہ ان حصوں کے عوارض کا شکار ہوں گے جن پر یہ حکومت کرتا ہے جیسے جلدی امراض، ذیابیطس، امراض مخصوصہ، گٹھیا، بادی درد، پیشاب میں تکلیف وغیرہ۔

8-عقرب: یہ آبی برج ہے۔ جس پر مریخ کی حکمرانی ہے۔

یہ برج بیرونی جنسی اعضا، خصیوں، مقعد، پیڑو کی ہڈیوں پر حکومت کرتا ہے اور بلغم پر اس کی حکمرانی ہے۔ اس برج کے تحت پیدا ہونے والے جسم میں بلغم کا توازن بگڑنے کے سبب جنم لینے والے عوارض کا شکار ہوتے ہیں۔ اگر مریخ چھٹے گھر کا حاکم ہونے کی حیثیت سے مضبوط ہو تو عقرب لوگ بھی تھیم ہوتے ہیں اور ان کی صحت اچھی ہوتی ہے ورنہ ان کا جسم لاغر ہوتا ہے اور وہ بواسیر، پیشاب کے انفیکشن، پھوڑے اور اپنڈیشن وغیرہ کا شکار ہوں گے۔

9-قوس: یہ ایک آتشی برج ہے۔ جس پر مشتری کی حکمرانی ہے۔

یہ برج کولہوں اور رانوں، شریانوں کے نظام اور اعصاب پر حکومت کرتا ہے، پتے (صفرا) پر اس کی حکمرانی ہے اور اس برج کے تحت پیدا ہونے والے صفرا کے فعل میں خرابی کے نتیجے میں جنم لینے والے عوارض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اگر مشتری مضبوط ہو تو قوس افراد اچھی صحت کے مالک ہوتے ہیں ورنہ وہ کمزور ہاضمے، جگر، تلی کی خرابی، یرقان، ذیابیطس، ریاح اور کولہوں اور رانوں کی تکالیف میں

مبتلا ہو سکتے ہیں کھانے پینے اور بلانوش عیاشی میں بے اعتدالی کے باعث بھی قوسی افراد کو پریشانیوں اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

10-جدی: یہ خاکی برج ہے جس پر زحل کی حکمرانی ہے۔

یہ برج گھٹنوں، گھٹنوں کی چپنی، جلد، ہڈیوں اور جوڑوں پر حکومت کرتا ہے اس کی حکمرانی تیزابیت پر ہے اور اس برج کے تحت پیدا ہونے والے تیزابیت سے پیدا ہونے والے عوارض میں مبتلا ہوتے ہیں چونکہ طالع اور چھٹا گھر دونوں ہی سول (کون برج) کے حامل نہیں ہوتے، توانائی کا نمائندہ شمس ہی جدی والوں کی صحت کا اول تعین کنندہ سمجھا جاتا ہے اگر شمس مضبوط ہے تو یہ لوگ اچھی صحت کے حامل ہوتے ہیں ورنہ جدی والوں کا جسم لاغر اور کمزور ہوتا ہے اور وہ جوڑوں کے درد، گنٹھیا، عام کمزوری، لاغر جسم، جلدی امراض اور الرجی وغیرہ کا شکار رہنے والے ہیں یہ افراد تناؤ اور اعصابی خلل کے نتیجے میں پیدا ہونے والی پریشانیوں میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

11-دلو: یہ ایک ہوائی برج ہے جس پر زحل کی حکمرانی ہے۔

یہ برج پنڈلیوں، ٹخنوں، پنڈلی کی سامنے والی ہڈیوں، گردش خون وغیرہ پر حکمرانی کرتا ہے بادی پتا اور بلغم (صفرا، تیزابیت اور بلغم) اس کے زیر اثر ہیں اور اس برج کے تحت پیدا ہونے والے پتے کے غیر متوازن ہونے، تیزابیت اور بلغم کے نتیجے میں جنم لینے والے عوارض میں مبتلا ہوتے ہیں اگر زحل اور قمر مضبوط ہوں تو دلو افراد کی صحت اچھی ہوتی ہے ورنہ وہ سردی اور انفیکشن کا شکار رہتے ہیں اور انہیں ٹانگوں کے نچلے حصے میں فریکچر ہوتا ہے اور وہ سرطان کے عوارض اور پھوڑوں وغیرہ کا شکار ہو سکتے ہیں عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ گنٹھیا اور ریاح کی تکلیف بھی ہو سکتی ہے۔

12-حوت: یہ ایک آبی برج ہے اس پر مشتری کی حکمرانی ہے جو دولت اور علم کا نمائندہ ہے۔

یہ برج پیروں، پیروں کے انگوٹھوں، بلغمی نظام، پیروں، انگوٹھے کی ہڈیوں اور بلغم پر حکومت کرتا ہے اس برج کے تحت پیدا ہونے والے جسم میں بلغم کے غیر متوازن ہونے کے نتیجے میں جنم لینے والے عوارض میں مبتلا ہوتے ہیں اگر شمس چھٹے گھر کا حاکم ہونے کی حیثیت سے مضبوط ہے تو حوت افراد صحت مند ہوں گے درمیان کا جسم لاغر ہوگا یہ بلغم کی بیماریوں، پھیپھڑوں کے انفیکشن، جوڑوں کے درد اور خون کی گردش سے تعلق رکھنے والے عوارض، بلغمی سسٹم، پیروں، انگوٹھوں یا کی ہڈیوں، انگوٹھے کی ہڈیوں کی تکالیف میں مبتلا ہوں گے۔

گھروں کی جسمانی علامات

جسم کے بارے میں ہر گھر کی علامتیں عام طور سے دائرۃ البروج کے ساری برجوں کی علامتوں سے بالترتیب تعلق رکھتی ہیں یعنی جب ہم جسم کے کسی حصے کی حالت کو جانچتے ہیں تو ہمیں متعلقہ گھر اور دائرۃ البروج کے فطری برج دونوں کو جانچنا چاہیے گھروں میں اسی طرح کی خرابی متعلقہ حصوں کے عوارض کا سبب بنتی ہے۔

پہلا گھر: جسمانی ڈھانچے، سر (کھوپڑی اور پیشانی) دماغ، قد و قامت کی نمائندگی کرتا ہے۔

پہلے گھر کی کمزوری اور پہلے گھر میں یا اس کے حاکم میں خرابی لاغر جسم کا سبب بنتی ہے جس کی وجہ سے سر کے درد، ذہنی تناؤ، فالج، سر کا چکرانا، پھوڑا، دیوانگی، گردن توڑ بخار، زخم، دماغی بخار، احمقانہ حرکتیں، ناک سے خون بہنا وغیرہ کا سبب بنتا ہے اگر شمس اور مریخ توانائی اور قوت کے نمائندے کی حیثیت سے بالترتیب مضبوط ہوں تو ان عوارض سے حفاظت ہو جاتی ہے۔

دوسرا گھر: چہرہ اور اس کے اعضا (ناک، حلق، منہ، زبان، دانت اور آنکھوں (بالخصوص داہنی آنکھ) چہرے کی ہڈیوں، بالائی گردن اور اس کی ہڈیوں، معلوم گھٹی دماغ، زخرہ، ٹانسل، سانس کی نالی، گردن کے علاوہ اور گردن کی ہڈیوں کی نمائندگی کرتا ہے۔

اگر دوسرا گھر کمزور ہو اور دوسرے گھر یا اس کے حاکم میں خرابی ہو تو ہکلاہٹ، حلق، گردن، ٹانسل، سوزش، آنکھوں، دانتوں وغیرہ میں خرابی اور خاص طور سے ان عوارض کا سبب بنتی ہے جو کمزور نسوں کے سسٹم سے پیدا ہوتے ہیں اگر گویائی کا نمائندہ عطارد مضبوط ہو تو ان عوارض سے حفاظت ہو جاتی ہے۔

تیسرا گھر: گردن کے نچلے حصے، شانوں، بازوؤں، دایاں کان، ہاتھوں، شانے کی ہڈیوں، سانس کی نالی اور اعصابی نظام کی نمائندگی کرتا ہے۔

اگر تیسرا گھر کمزور ہو یا تیسرے گھر میں یا اس کے حاکم میں خرابی ہو تو سانس کی نالی میں سقم ہو سکتا ہے اس کے علاوہ کندھے میں تکلیف، اعصابی نظام میں خلل،

ڈپریشن ہو سکتا ہے جس کے نتیجے میں جزوی فالج' ہکلاہٹ' شانوں میں درد' گردن کی ہڈی (کالربون) میں فریکچر' جزوی بہرا پن' سانس کی نالی میں تکلیف' دمہ' ٹی بی وغیرہ کا امکان پایا جاتا ہے' اگر عطارد رابطے کی اہلیت کے نمائندے کی حیثیت سے مضبوط ہو تو ان عوارض سے بچا جا سکتا ہے۔

چوتھا گھر: پسلیوں کے پنجر' دل' خون کی شریانوں' پھیپھڑوں اور پستانوں کی نمائندگی کرتا ہے۔

چوتھے گھر کی کمزوری یا چوتھے گھر میں یا اس کے حاکم میں خرابی جسمانی طور پر سینے' پستانوں کے عوارض' دمہ' دل' پھیپھڑوں' ذہنی خلل' پاگل پن اور خون کی گردش کے نظام کے مسائل کا سبب بنتی ہے' اگر قمر خون کے نمائندے کی حیثیت سے مضبوط ہو اور زہرہ رگوں کے نظام کے نمائندے کی حیثیت سے اور مریخ عضلات کے نمائندے کی حیثیت سے مضبوط ہو تو ان بیماریوں سے بچا جا سکتا ہے۔

پانچواں گھر: بالائی شکم' پیٹ' جگر' پتا' لبلبہ' تلی' بڑی آنت' پردہ شکم' ریڑھ اور حرام مغز کی نمائندگی کرتا ہے۔

اگر پانچواں گھر کمزور ہو یا پانچویں گھر یا اس کے حاکم میں خرابی ہو تو ذیابیطس' ریڑھ' حرام مغز میں شکایت ہونے کے علاوہ آنتوں کے السر' پتے میں پتھری' تیزابیت' بدہضمی' قولنج' پلوریسی (پھیپھڑے کی جھلی میں سوزش) کا سبب بنتی ہے۔

اگر شمس ہاضمے اور جسم کو توانائی پہنچانے کے نمائندے کی حیثیت سے مضبوط ہو تو ان بیماریوں سے بچا جا سکتا ہے۔

چھٹا گھر: کمر' ناف' پیٹ کے نچلے حصے' گردوں' چھوٹی آنت' بڑی آنت کے بالائی حصے' آنتوں کے فضلے اور اپینڈکس کی نمائندگی کرتا ہے۔

چھٹے گھر کی کمزوری یا چھٹے گھر میں یا اس کے حاکم میں خرابی اپینڈکس کے مسائل' زہر خورانی' قولنج' قبض کی شکایت' ہرنیا' نفسیاتی مسائل' تھکن اور نروس بریک ڈاؤن' پیشاب میں خون آنے کا سبب بن سکتی ہے۔

اسی گھر سے صحت کو دیکھا جاتا ہے' اگر عطارد اور مریخ صحت کے نمائندے کی حیثیت سے مضبوط ہوں تو ان عوارض سے بچنا ممکن ہے۔

ساتواں گھر: پیڑو اور ڈھڑ کے علاقے' مثانہ' بڑی آنت کے نچلے حصے' اندرونی جنسی اعضا جیسے بچہ دانی' رحم اور کی خصیوں اور پروسٹیٹ گلینڈز وغیرہ کی نمائندگی کرتا ہے۔

ساتویں گھر کی کمزوری یا ساتویں گھر یا اس کے حاکم میں خرابی اعضائے تولیدی کو کمزور کرتی ہے اور امراض خبیثہ' گنٹھیا' جوڑوں کے درد' پیشاب میں تکلیف' حیض میں بے قاعدگی' نامردی' بانجھ پن وغیرہ کا سبب بنتی ہے۔

ایک مضبوط زہرہ گردوں کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے ان عوارض سے محفوظ رکھتا ہے۔

آٹھواں گھر: خصیوں اور مقعد' بیرونی جنسی اعضا' پیڑو کی ہڈیوں کی نمائندگی کرتا ہے۔

آٹھویں گھر کی کمزوری یا آٹھویں گھر اور اس کے حاکم میں خرابی مسلوں کی کمزوری' نامردی' بواسیر' پیشاب کے انفیکشن' پھوڑوں' پھانسے امراض وغیرہ کا سبب بنتی ہے۔

ایک مضبوط زحل و مادی مریخ کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے ان امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔

نواں گھر: رانوں' بائیں ٹانگ' ران کی ہڈیوں' ہڈیوں کے گودے' کولہوں کے جوڑوں اور خون کی شریانوں کے نظام کی نمائندگی کرتا ہے۔

اگر نواں گھر کمزور یا نویں گھر اور اس کے حاکم میں خرابی ہو تو خون کی پیداوار میں کمی' خون کے سرطان (بلڈ کینسر)' تیز بخار' ریاحی تکلیف' کولہوں اور رانوں وغیرہ کی تکلیف (عرق النسا) کا سبب بنتی ہے۔

ایک مضبوط مشتری' جگر کا نمائندہ اور ایک مضبوط شمس ہاضمے کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے ان امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔

دسواں گھر: گھٹنوں اور گھٹنوں کی چپنیوں' جوڑوں اور ہڈیوں کی نمائندگی کرتا ہے۔

اگر دسواں گھر کمزور یا دسویں گھر یا اس کے حاکم میں خرابی ہو تو گنٹھیا' گھٹنوں کے ٹوٹنے' جوڑوں میں سوزش' عام کمزوری' لاغر جسم وغیرہ کا سبب بنتا ہے' جلدی امراض اور الرجی کا بھی سبب بنتا ہے' پیشہ وارانہ معاملات میں نقصان بھی ہوتا ہے۔

ایک مضبوط شمس ہڈیوں کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے ان امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔

گیارھواں گھر: پنڈلیوں ٹخنوں پنڈلی کے سامنے کی ہڈی داہنی ٹانگ بائیں کان اور بائیں بازو کی نمائندگی کرتا ہے۔

اگر گیارھواں گھر کمزور ہو یا گیارھویں گھر اور اس کے حاکم میں خرابی ہو تو گردش خون کے مسائل ہوں گے نیز ٹانگوں کے نچلے حصے میں فریکچر ہوگا ٹانگوں میں درد ہوگا خون کی پیداوار میں کمی کے مسائل ہوں گے ٹانگ کا کینسر وغیرہ لاحق ہوگا۔

اگر زحل مضبوط ہو تو وہ جوڑوں کے نمائندے کی حیثیت سے ان عوارض سے بچائے گا۔

بارھواں گھر: بائیں آنکھ نیند لطوبات کے نظام اور پیروں کی نمائندگی کرتا ہے۔

بارھویں گھر کی کمزوری یا بارھویں گھر یا اس کے حاکم میں خرابی جسم کے ان حصوں کے مسائل کو جنم دے گی جن پر اس گھر کی حکمرانی ہے نیند میں خلل خود کار مامون کاری میں خلل اور مامون کاری یا محفوظ کرنے کی قوت کو کمزور کرنا بھی اس میں شامل ہے۔

اگر قمر مضبوط ہو تو ان عوارض سے حفاظت ہوگی۔

سیاروی منسوبات

شمس

شمس قوت حیات کا نمائندہ اور کسی بھی پیدائش کے چارٹ میں حیات بخش ہے کیوں کہ یہ نظام ہضم پر حکمرانی کرتا ہے جو پورے جسم کے لیے غذائیت فراہم کرتا ہے۔

یہ صفراوی ہے اور اس کی خوبیاں سخت ہیں گرم خشک اور تعمیری ہے نیز یہ ہڈیوں کے ڈھانچے جسمانی ڈھانچے خون دماغ پیٹ صفرا ہاضمے کی آگ دل بطور زندگی کا مرکز بینائی پتا ریڑھ اور شکم کی نمائندگی کرتا ہے۔

اگر یہ کمزور ہو یا پیدائش کے زائچے میں متاثرہ ہو تو کمزور بینائی سر کے درد گردش خون میں نقص دل کی تکلیف ہڈی کے فریکچر حد سے زیادہ تشنج بخار بلڈ پریشر گنجا پن دماغی کمزوری ہڈی کے کینسر کمزور قوت مدافعت کا سبب بنے گا۔

قمر

قمر سرد و مرطوب ہے اور اس کا ڈھانچہ باد اور بلغم کا مرکب ہے۔

قمر زرخیزی اور جذباتی صحت کی نمائندگی کرتا ہے نیز یہ جسم میں موجود رطوبت، خون کی اچھی کوالٹی اور رطوبات، غدود، ناسل، پستان، رطوبت کے نظام، چہرہ، پھیپھڑوں اور سینے پر حکومت کرتا ہے نیز یہ رحم حیض کی گردش، بچہ دانی اور تولیدی اعضاء پر بھی حکومت کرتا ہے۔

اگر یہ کمزور ہو اور پیدائش کے زائچے میں کمزور یا متاثرہ ہو تو نفسیاتی مسائل کے علاوہ صاحب زائچہ کے لیے بے خوابی، کاہلی، پھیپھڑوں کے مسائل، تلی کے بڑھ جانے، بچہ دانی کے عوارض، ٹی بی حیض میں بے قاعدگی، قوت مدافعت میں خلل کا سبب بنتا ہے۔ اس کے علاوہ صاحب زائچہ کو کثرت سے کھانسی، سردی لگنے، بخار، بھوک مر جانے، عام کمزوری وغیرہ کی شکایت ہوتی ہے۔ وہ انتہائی حساس، حد سے زیادہ ردعمل ظاہر کرنے والا، جواب دینے کی اہلیت کھو دینے اور جذبات کا اظہار کرنے سے بھی معذور ہوتا ہے۔ قمر نیند، جذباتی سکون اور قوت مدافعت کا بھی نمائندہ ہے۔

مریخ

مریخ خشک، آتشی اور صفراوی فطرت کا حامل ہے۔

مریخ سر، ہڈی کے گودے، خون، صفرا، ہاضمے کی آگ، آنت، ماتھے، گردن، عضلاتی سسٹم، ٹخنوں، ناک اور بیرونی اعضائے تولیدی کی نمائندگی کرتا ہے۔

اگر یہ کمزور ہو اور پیدائش کے چارٹ میں متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ کے لیے سوزش، حد سے زیادہ درجہ حرارت بڑھنے، بھوک کے معاملے میں عدم برداشت، زخموں، جلنے، حادثات، فریکچر، بواسیر، جلدی کی ہر طرح کی شدید تکلیف، بخار، مرگی، ذہنی بگاڑ، رسولی، راہو سے قریبی تعلق کی صورت میں جسم کے عضلاتی حصے میں کینسر، تشنج، ٹائیفائیڈ، چیچک اور پھوڑے وغیرہ کا سبب بنتا ہے اور غصہ، چڑچڑا پن، عجلت، بے صبری، غیر مستقل مزاجی، جذبے اور حوصلے کی کمی اور سب کچھ یا کچھ بھی نہیں کا رویہ عطا کرتا ہے۔

عطارد

عطارد باد، پتا اور بلغم کا مرکب ہے۔

عطارد شکم کے نچلے حصے، جلد، دماغ، نروس سسٹم، گردن کے نچلے حصے،

حلق، آنتوں، زبان، منہ، ہاتھوں اور بازوؤں کی نمائندگی کرتا ہے۔

اگر یہ کمزور ہو اور پیدائش کے زائچے میں متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ نفسیاتی امراض، بے خوابی، نروس بریک ڈاؤن، مرگی، جلدی امراض، خون کی کمی، نامردی، یادداشت یا گویائی سے محرومی، بلندی سے خوف، بہرا پن، دمہ، سانس کی نالی کے امراض، آنتوں میں خرابی، قوت مدافعت سے محرومی کا شکار ہو سکتا ہے۔ سوچنے اور گفتگو کرنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ بزدلی، جذبے کی کمی، ہیجانی، نامعقول رویہ، مفاد پرستی، حد سے بڑھی ہوئی دانش وری کا زعم اور شعور اور تمیز کا فقدان پیدا کرتا ہے۔

مشتری

مشتری ایک معتدل مزاج اور گرم جوش سیارہ ہے اور اس کی فطرت بلغمی ہے۔

